بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مُعِینُ الطَّالِبِین

شرح

مُفِیدُ الطَّالِبِین

ترکیب مع سلیس وبامحاورہ ترجمہ

از

مولانا محمد علی صاحب مدرس دار العلوم معین الاسلام ہاٹ ہزاری

باھتمام: نسیم احمد صدیقی

ناشر

مکتبہ دانش دیوبند یوپی

۱۰)علم الادب

لغۃ:

من "ضرب"و"كرم" مصدره أدَبا(بفتح الدال).وأيضا جاء مصدره أدبا(بسكون الدال).

اصطلاحا:

☆۱)الادب هو حفظ أشعار العرب وأخبارها، والأخذ من كلّ علم بطرف.

☆۲)هو علم يحترز به من الخلل فى كلام العرب لفظا وكتابة.

موضوعه:

لا موضوع له ينظر فى إثبات عوارضه أو نفيها.

غرضه و غايته:

إنما المقصود منه ثمرته، وهى الإجادة فى فنى المنظوم والمنثور علىٰ أساليب العرب ومناحيهم.

لغوی:

ضرب اور کرم سے اس کا مصدر''اَدَبا''(دال کے فتح کے ساتھ) ہوتو معنی ہیں:''ادب والا ہونا۔'' اسی سے ادیب ہے۔اگر،مصدر''اَدْبا''(دال کے سکون کے ساتھ) ہوتو معنی ہیں:''دعوت کا کھانا تیار کرنا۔'' اوردعوت دینے کے معنی میں بھی

استعمال ہوتا ہے۔

اصطلاحی:

☆۱)ادب عرب کے اشعار، ان کی تاریخ واخبار کے حفظ اور عربی زبان کے دوسرے علوم سے بہ قدر ضرورت اخذ کا نام ہے۔

☆۲)علم ادب وہ علم ہے جس کے ذریعے انسان کلام عرب میں لفظی اور تحریری غلطی سے بچ سکے۔

موضوع:

اس علم کا موضوع نہیں ہے کہ جس کے عوارض ذاتیہ کے اثبات یا نفی سے بحث کی جائے۔

غرض وغایت:

درحقیقت علم ادب سے مقصود اس کا ثمرہ ہے اور اس کا ثمرہ عرب کے طرز وانداز اور اسلوب کے مطابق فن نظم ونثر میں مہارت پیدا کرنے کا نام ہے۔

☆☆☆☆..................☆☆☆☆

مصنفؒ کے مختصر حالات

مولانا محمد احسن نانوتویؒ

پیدائش ۱۲۴۰ھ متوفی ۱۳۱۲ھ

نام نامی محمد احسنؒ والد کا نام حافظ لطف علیؒ اور دادا کا نام محمد حسنؒ تھا۔ آپ نانوتہ ضلع سہارنپور کے رہنے والے تھے۔ ابتدائی تعلیم اپنے والد حافظ لطف علی سے حاصل کی۔ پھر دہلی تشریف لے گئے اور حضرت شاہ عبد الغنی صاحب مجددیؒ، مولانا مملوک علیؒ اور مولانا احمد علی محدث سہارنپوریؒ سے پڑھا اور ان ہی حضرات سے علوم و فنون کی تکمیل کی۔

تعلیم سے فراغت کے بعد بنارس کالج اور بریلی کالج میں عربی و فارسی کے پروفیسر رہے۔ بریلی میں مطبع صدیقی کے نام سے ایک مطبع قائم کیا۔ جس میں بہت سی دینی و علمی کتابیں شائع ہوئیں۔ نیز اپنے زمانہ؎ میں وہاں ۱۲۸۹ھ میں ایک مدرسہ مصباح العلوم کے نام سے جاری کیا۔ اس میں استاذ الاساتذہ حضرت مولانا خلیل احمد محدث سہارنپوری صاحب بذل المجهود فی شرح ابو داؤد نے بھی درس دیا

آپنے بہت سی کتابیں تالیف فرمائیں، مفید الطالبین جو آپکے ہاتھ میں ہے اور ابتدائی عربی ادب میں ادبی اور اخلاقی جملوں اور حکایتوں کا مجموعہ ہے اور مدارس عربیہ میں مبتدیوں کو پڑھائی جاتی ہے۔ آپ کی ہی تالیف ہے۔ یہ مجموعہ بلاشبہ نصیحت آمیز اور مفید ہے۔ علاوہ ازیں آپنے زاد المحذرات، مذاق العارفین، ترجمہ احیاء العلوم للغزالی احسن المسائل ترجمہ کنز الدقائق، تہذیب الایمان، حمایت اسلام، کشاف، سلک مروارید، رسالہ اصول جر ثقیل، رسالہ عروض، نکات نماز تالیف فرمایا۔

فتاوی کی مشہور کتاب درمختار کے ابتدائی چند ابواب کا ترجمہ غایۃ الاوطار کے نام سے شروع کیا تھا۔ جس کو بعد میں مولانا حزم علی صاحب بلہوری نے مکمل فرمایا۔ اور حجۃ اللہ البالغہ، شفاء قاضی عیاض، کنز الحقائق، نفحۃ الیمن، خلاصۃ الحساب، قرۃ العینین فی تفضیل الشیخین اور فتاوی عزیزی کو مرتب و مہذب کیا۔ آپنے دیوبند ضلع سہارنپور میں ۱۳۱۲ھ میں وفات پائی اور وہیں دفن کئے گئے
مزار قاسمی میں

(ترجمہ تذکرہ علمائے ہند ص۱۷۸)

؎ نوٹ: اس مدرسہ کا (نام) مصباح التہذیب تھا پھر بدل کر مصباح العلوم رکھ دیا

عرضِ حال

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الحمد للہ وکفٰی وسلامٌ علٰی عبادہ الذین اصطفٰی - اما بعد!
مفید الطالبین ابتدائی درجۂ عربی کی ایک ایسی مفید و نفع بخش کتاب ہے جو تمام علماء و طلبہ کے درمیان معروف و مشہور اور تقریباً سارے مدارس عربیہ ہند و بنگال میں متداول و مروّج ہے۔ طلبہ ابتدائی قواعد عربیہ نحو و صرف کی کتابیں پڑھنے کے بعد ہی اس کتاب کو شروع کر دیتے ہیں۔ بدیں وجہ اگرچہ کتاب نہایت سہل و سلیس عبارت میں ہے تاہم طلبۂ ابتدائی کو تراکیب الفاظ کی بندش اور ترجمے میں سخت الجھن پیدا ہو جاتی ہے۔ بنا بریں ترجمہ تحت اللفظ کتاب کے ذریعہ کسی طرح عبارات و جملوں کے معنے یاد کر لینے کی کوشش کرتے ہیں۔ حالانکہ اس کتاب کی تعلیم سے جو غرض ہے وہ اس سے بالکل باقی نہیں رہتی ہے۔ غرض یہ تھی کہ طلبہ تراکیب عربیہ و جملوں کے معنی قواعد عربیہ کے پیش نظر خود بخود نکالنے پر قدرت پائیں۔ اور ہر لفظ کی تحقیق و تعریب قواعد کے مطابق کر سکیں۔ اور یہ غرض تحت اللفظ ترجمے سے کسی طرح حاصل نہیں ہو سکتی۔ اس لئے طلبہ عربی میں بالکل ناقص رہ جاتے ہیں۔ چنانچہ اس کے پیش نظر حضرت الاستاذ العلام شیخ الفقہ والادب دارالعلوم دیوبند مولانا اعزاز علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ رحمۃً واسعۃً کاملۃً نے ایک بہت عمدہ و معتد بہ حاشیہ اس پر تحریر فرما دیا تھا۔ مگر گردش زمانہ کہیئے یا ہماری بدقسمتی کہ طلبہ کی کم استعدادی و سہولت پسندی اس کو بھی نظر انداز کرنے لگی تو ضرورت ہوئی کہ ایسا عام فہم اردو حاشیہ کر دیا جائے جو حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے حاشیہ کا بھی جامع ہو اور کم فہم طلبہ کے لئے کتاب کو پورا حل کر دے۔ بندہ نے باوجود کثرت اشغال کے تھوڑی مدت میں اس کام کو پورا کر دیا ہے فللّٰہ الحمد والمنّۃ۔ ناظرین کرام سے گذارش ہے کہ باوجود پوری سعی اور مکمل اہتمام صحت کے اگر کوئی فروگذاشت یا سہو جو لازمۂ انسان ہے نظر آئے تو بندہ کو مطلع کر کے شکریہ کا موقع بخشیں۔ ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم

بندہ محمد علی غفرلہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
حَامِدًا وَّمُصَلِّیًا وَبَعْدُ فَھٰذِہٖ الرِّسَالَۃُ الْمُسَمَّاۃُ بِمُفِیْدِ الطَّالِبِیْنَ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ ترکیب ۔ با حرف جارہ ۔ اسم مضاف ۔ اللہ موصوف ۔ الرحمٰن صفت اولیٰ الرحیم صفت ثانیہ ۔ دونوں صفت مع موصوف مضاف الیہ ہوا اسم کا پھر مجرور ہوا جار کا ۔ پھر متعلق ہوا ابتداء یا اقرأ فعل محذوف کے ساتھ ۔ پھر جملہ فعلیہ ہوا ۔ تحقیق ۔ اسم یا سمو سے ماخوذ ہے ۔ بروزن قنو ۔ واؤ حذف کیا گیا جس طرح تخفیف کے لئے دمٌ میں حذف ہوا ۔ واؤ پر حرکات اعرابیہ کے ثقیل ہونے کی وجہ سے یہ عمل کیا گیا پھر میم کو سکون سین کی جانب نقل کیا تاکہ میم پر حرکات اعرابیہ آسکیں اب ابتدا بسکون لازم آئی اور عرب میں ابتدا بسکون جائز نہیں لہٰذا شروع میں ہمزہ لایا گیا تاکہ ابتدا بسکون نہ رہے مثل دمٌ و یدٌ یہ بصریین کا مذہب ہے اور کوفیین کہتے ہیں کہ یہ اصل میں وَسْمٌ تھا جیسا کہ وعد بروزن وہب واؤ کو حذف کر کے اس کے بدلہ میں ہمزہ لایا گیا ۔ نصر سے بمعنی بلند ہونا ۔ جمع اس کی اسماءٌ ۔ اللہ صحیح مذہب کی بنا پر علم ہے ذات واجب الوجود کے لئے ان میں پھر دو فریق ہیں ۔ ایک فریق کہتا ہے کہ علم جامد ہے بلکہ مرتجل ۔ دوسرا فریق کہتا ہے کہ علم مشتق ۔ جو حضرات کہتے ہیں کہ جامد ہے اور الف لام زائد نہیں ان پر اعتراض وارد ہوتا ہے کہ پھر تنوین داخل ہونی چاہیئے ۔ جواب یہ ہے کہ یہ اگرچہ اصلی ہے لیکن الف لام زائد کے مشابہ ہے لہٰذا اس سے تنوین دور کر دی گئی ۔ بعضوں نے کہا مشتق ہے اَلَہٌ بمعنی عَبَدَ سے باب فتح ۔ بعض نے کہا اَلِہَ اِلاہۃ سے بمعنی تحیّر ۔ بعض نے کہا اَلِہتُ الیٰ فلان سے بمعنی سکن ان صورتوں میں اللہ اصل میں الٰہٌ تھا ہمزہ کو حذف کر دیا گیا ۔ اور اس کے بدلہ میں الف لام لگایا گیا ۔ بعض نے کہا وَلَہ سے بمعنی تحیّر پس اصل میں وِلاہٌ تھا ۔ کسرہ ثقیل ہونے کی وجہ سے واؤ کو ہمزہ سے بدلا گیا ۔

الرحمٰن الرحیم ۔ یہ دونوں اسم رحم سے مبالغہ کے لئے وضع کئے گئے ہیں جیسا کہ غضبان علیم ۔ غضب وعلم سے مشتق ہیں ۔ رحمۃ کے معنی رقّتِ قلب ۔ یہ دونوں اسم اللہ تعالیٰ میں باعتبار غایت استعمال ہوئے ہیں یعنی اس کے احسانات اور انعامات کے اعتبار سے ۔ کیونکہ معنی حقیقی نہیں بن سکتے ۔ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ قلب سے پاک ہے اور انفعال سے بھی پاک ہے ۔ رحمٰن میں زیادہ مبالغہ ہے بہ نسبت رحیم کے ۔ کیونکہ کثرت حرف کثرت معانی پر دلالت کرتی ہے ۔ رحمٰن کے معنی کافر اور مومن دونوں پر رحم کرنے والا ۔ دنیا میں ۔ رحیم کے معنی مومن پر رحم کرنے والا آخرت میں ۔ یہ باعتبار کمیت کے ہے اور کیفیت کے اعتبار سے کہا جائے گا یا رحمٰن الدنیا والآخرۃ ۔ اور رحیم الدنیا اس لئے کہ دنیا کی رحمت نسبتاً چھوٹی ہے ۔ ۱۲

حامداً ومصلیاً ۔ حامداً ۔ اسم فاعل حمد مصدر سے ۔ بمعنی تعریف کرنا ۔ باب سمع جنس صحیح ۔ احمد فعل محذوف کی ضمیر سے حال واقع ہے ۔ اصطلاحی معنی زبان سے تعریف کرنا ۔ اختیاری خوبی پر ۔ خواہ نعمت کے بدلہ میں یا غیر نعمت کے مصلیاً ۔ اسم فاعل تفعیل سے ۔ مصدر تصلیۃ بروزن تسمیۃ ۔ صلوٰۃ بھی مصدر ہے بمعنی دعا ۔ لفظ صلوٰۃ ۔ اگر اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب ہو تو دعا اور اگر ملائکہ کی طرف منسوب ہو تو استغفار اور اگر بہائم ونباتات کی طرف منسوب ہو تو تسبیح مراد ہوتی ہے ۔ اصلی فعل محذوف کی ضمیر فاعل سے حال ہے وبعد مبنی علی الضم ہے ۔ مضاف الیہ محذوف منوی ۔ ای بعد الحمد والصلوٰۃ مضاف الیہ کی طرف محتاج ہونے کی وجہ سے صفت احتیاج پائی جانے میں

ترجمہ ص 58 کے بعد ملاحظہ فرمائیں

مُشْتَمِلَةٌ عَلَى الْبَابَيْنِ اَلْبَابُ الْاَوَّلُ فِي الْاَمْثَالِ وَالْمَوَاعِظِ وَالْبَابُ الثَّانِيْ فِي الْحِكَايَاتِ وَالنَّقْلِيَّاتِ

(بقیہ صفحہ گذشتہ) حرف کے ساتھ مشابہ ہوا لہٰذا حرف کی طرح مبنی ہے۔ اضافت منویہ کی طرف اشارہ کرنے کے لئے حرکت پر مبنی ہوا۔ نہ کہ سکون پر کیونکہ مضاف کے آخر میں سکون نہیں ہوتا اگر سکون پر مبنی ہوتا تو اشارہ مذکور فوت ہوجاتا اسی اضافت پر قوی دلالت پائی جانے کے لئے ضمہ پر مبنی ہوا نہ کہ فتحہ اور کسرہ پر کیونکہ ضمہ فتحہ اور کسرہ سے زیادہ ثقیل ہے۔ پس ضمہ مضاف الیہ محذوف کا پورا جبر نقصان ہوگا۔ فہٰذہ موصوف یا مبدل منہ مابعد سے ملکر مبتدا۔ الرسالہ۔ چھوٹی کتاب۔ بخلاف کتاب کے کیونکہ وہ بڑی کتاب کو کہتے ہیں۔ جمع اس کی رَسائلُ۔ رِسَالاتٌ۔ فعالۃٌ بمعنے مفعولۃٌ کے رسالۃ بمعنی مرسلۃ۔ یعنی بھیجی ہوئی چھوٹی کتاب۔ المسماۃ۔ صفت اسم مفعول تسمیۃ مصدر سے یار سے بدل گیا۔ پھر یا متحرک ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے بدل گیا مُسَمَّاۃ ہوا۔ سمو مادہ ہے ناقص واوی۔ بمفید الطالبین مضاف مضاف الیہ مل کر مجرور۔ جار مجرور متعلق مسماۃ کے ساتھ سب مل کر صفت ثانیہ۔ ہٰذہ موصوف کی صفت اولیٰ۔ الرسالہ ہے دونوں مل کر مبتدا۔ مشتملۃٌ خبر ہٰذہ مبتدا کی۔ مفید اسم فاعل افعال سے افادۃٌ مصدر اصل میں مُفْوِدٌ تھا واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن۔ واؤ کی حرکت نقل کرکے ماقبل میں دیا۔ اب واؤ ساکن ماقبل مکسور رہا واؤ کو یا سے بدل کیا۔ مفیدٌ ہوا۔ افادہ بمعنی فائدہ پہونچانا۔ فود مادہ اجوف واوی۔ الطالبین۔ طالب کی جمع ہے۔ طالب اسم فاعل نصر سے۔ طلب بمعنے جستن۔ اس کی جمع طَلَبَۃٌ۔ بروزن وَرَثَۃٌ۔ اور طُلَّابٌ بروزن جُهَّالٌ بھی آتی ہے۔۱۲

مشتملۃ۔ اسم فاعل افتعال سے مصدر اشتمالٌ بمعنے مشتمل ہونا۔ علی البابین متعلق ہے مشتملۃ (صفحہ ھٰذا) کے ساتھ فہٰذہ میں فا مقدرہ کے جواب میں یا، اما متوہمہ کے جواب میں اور ہا تنبیہ کیلئے اور ذا اسم اشارہ مضاف ہ ضمیر مضاف الیہ دونوں مل کر محلاً مرفوع مبتدا ہے۔ بابین تثنیہ ہے باب کا جمع اس کی اَبْوَابٌ، بِیْبَانٌ۔ الباب موصوف الاول صفت دونوں مل کر مبتدا۔ فی الامثال والمواعظ خبر الاول اسم تفضیل بمعنے پہلا۔ نقیض آخر کا۔ اصل میں اَوْءَلُ تھا۔ ہمزہ کو واؤ سے بدل کر واؤ کو واؤ میں ادغام کیا گیا جمع اس کی اَوَائِلُ واولون از نصر۔ مصدر اول بمعنی رجوع کرنا۔ مہموز فا، و اجوف واوی الامثال جمع مثل کی۔ بمعنی کہاوت۔ و بمعنی شبہ و نظیر۔ اور مثال بمعنے مقدار و نمونہ۔ اس کی جمع امثلۃٌ۔ ومُثُلٌ از نصر و کرم۔ بمعنے سیدھا کھڑا ہونا۔ المواعظ جمع موعظۃ کی۔ بمعنی نصیحت۔ از ضرب۔ مصدر عِظَۃٌ۔ نصیحت کرنا۔ مادہ وعظ۔ مثال واوی۔ والباب الثانی موصوف مع الصفۃ۔ مبتدا۔ فی الحکایات خبر۔ والنقلیات اس پر عطف۔ الحکایات۔ جمع حکایت کی بمعنی نقل۔ از ضرب ناقص واوی۔ حکیٰ بروزن رمیٰ۔ فرق۔ درمیان حکایت اور نقل کے یہ ہے کہ اول بمعنی بیان حال کے ثانی بمعنے بیان قول کے۔ کبھی ایک دوسرے پر اطلاق ہوتا ہے۔ النقلیات جمع نقل کی۔ منسوب الی النقل از نصر ۱۲ ؛

أَلَّفْتُهَا لِلْمُبْتَدِئِيْنَ مِنْ طُلَبَاءِ الْعَرَبِيَّةِ فَالْمَسْئُوْلُ مِنَ اللّٰهِ اَنْ يَّنْفَعَهُمْ وَهُوَ حَسْبِيْ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔

اَلْبَابُ الْاَوَّلُ فِي الْاَمْثَالِ وَالْمَوَاعِظِ

اَوَّلُ النَّاسِ اَوَّلُ نَاسٍ ‏ ‏ ‏ ‏ اٰفَةُ الْعِلْمِ النِّسْيَانُ

(ترکیب و تحقیق) الفتہا۔ جمع کیا میں نے۔ اس کو۔ ہا ضمیر راجع ہے رسالہ کی طرف۔ تالیفٌ مصدر۔ الفت مادہ مہموز فا۔ مجرد از سمع۔ اَلِفَ بمعنے مانوس ہونا۔ محبت کرنا۔ فرق درمیان۔ تالیف اور ترکیب کے اول کے اجزاء میں باہم مناسبت ہوتی ہے۔ بخلاف ترکیب کے۔ للمبتدئین متعلق ہے الفت کے ساتھ جمع ہے مبتدی کی۔ اسم فاعل مصدر ابتداء بمعنی شروع کرنا۔ مادہ بدء۔ مہموز لام۔ مجرد از فتح۔ بمعنی شروع کرنا۔ اور اگر بدو واؤ سے ہو تو از نصر بمعنی ظاہر ہونا۔ اور بمصدر بداوۃ۔ بمعنی گاؤں میں اقامت کرنا۔ اس مادہ کے افعال سے بمعنی ظاہر کرنا من طلباء العربیۃ من بیان ہے مبتدئین کا۔ متعلق ہے کائن یا حاصل کے ساتھ۔ طلبا۔ جمع طلیب کی اسم فاعل مبالغہ طلب سے از نصر۔ العربیۃ منسوب عرب کی طرف از کرم مصدر عُروبًا عروبۃً۔ بمعنی فصیح عربی بولنا۔ العربیۃ۔ ای العلوم العربیۃ او اللغۃ العربیۃ۔ فالمسئول۔ مبتدا۔ ان ینفعہم خبر من اللّٰہ متعلق ان ینفعہم کے ساتھ۔ المسئول۔ اسم مفعول۔ از فتح مہموز العین بمعنی سوال کرنا۔ لفظ سوال جب بمعنی طلب ہو تو متعدی بدو مفعول بلا واسطہ حرف جر ہوتا ہے اور جب بمعنی الاستخبار ہو تو مفعول اول کی طرف بلا واسطہ اور ثانی کی طرف بواسطہ حرف جر متعدی ہوتا ہے بصورت اولی کی مثال سألت اللّٰہ النعمۃ۔ ثانیہ کی مثال سألتہ عن حالہ۔ سائل کی جمع سُؤَالٌ سَألَۃٌ اور مسئلۃٌ کی جمع مسائل آتی ہے ان ینفعہم۔ از فتح بمعنی فائدہ پہونچانا۔ ہم کا مرجع طلباء ہے۔ وہو حسبی مبتدا و خبر حسبی بمعنی کافی۔ مصدر بمعنی اسم فاعل از حسب۔ ونعم الوکیل۔ نعم فعل مدح الوکیل بمعنی کارساز۔ جمع اس کی وکلاء ہے وہ فاعل مدح ہے اور مخصوص بالمدح محذوف ہے یعنی لفظ اللّٰہ جملہ ہو کر بتاویل مقولاً فی حقہ۔ جملہ وہو حسبی پر عطف ہے۔ یہ ایک عام توجیہ ہے۔ عطف الانشاء علی الخبر کی تفصیل مطولات میں ملاحظہ ہو۔ الباب الاول۔ موصوف صفت۔ مبتدا فی الامثال الخ۔ خبر۔ اول الناس۔ لفظ اول کی تحقیق گذر گئی۔ الناس اصل میں اُناسٌ تھا۔ ہمزہ کو تخفیفاً حذف کیا گیا۔ پھر لام تعریف اس کے عوض میں لایا گیا۔ اُنس سے ماخوذ ہے۔ بمعنی محبت۔ اس لئے کہا گیا ۔ وما سمی الانسان الا لانسہ۔ یا تو نسیان سے ماخوذ ہے کیونکہ اللّٰہ تعالیٰ نے انسان سے عہد لیا تھا وہ اس کو بھول گیا۔ ناس اسم فاعل از سمع۔ نسیان مصدر بمعنی بھول جانا۔ اصل میں ناسیٌ تھا۔ ضمہ یا پر ثقیل ہوا لہٰذا ساکن کیا گیا۔ اجتماع ساکنین ہوا درمیان یا اور تنوین کے یا کو گرا دیا گیا۔ ن، ی، س مادہ ناقص یائی۔ اول الناس مبتدا اول۔ ناسٍ خبر آفۃ العلم مبتدا۔ النسیان خبر۔ آفۃ بمعنے بلا۔ جمع آفاتٌ۔ العلم از سمع مصدر علماً بمعنے جاننا۔ جمع اس کی علوم مرکبات اور کلیات کے ادراک کو علم کہا جاتا ہے اور جزئیات کے ادراک کو معرفت۔ نیز ادراک بالقلب کو علم کہا جاتا ہے اور ادراک بالحواس کو شعور ۱۲

اَلْجَهْلُ مَوْتُ الْاَحْيَاءِ	اَلنَّاسُ اَعْدَاءٌ لِمَا جَهِلُوْا
اَلْعَاقِلُ تَكْفِيْهِ الْاِشَارَةُ	اَلْعُجْبُ آفَةُ اللُّبِّ
اِذَا تَمَّ الْعَقْلُ نَقَصَ الْكَلَامُ	اَلْاَدَبُ جُنَّةٌ لِلنَّاسِ

(ترکیب وتحقیق) الجہل۔ مبتدا۔ موت الاحیاء خبر۔ جہل ازسمع مصدر جہلاً بمعنے نہ جاننا۔ موت بمعنی مرنا۔ ازنصر وسمع۔ قرآن مجید میں ماضی سمع سے مستعمل ہے۔ قولہ تعالیٰ وَاِذَا مِتْنَا بروزن خِفْنَا۔ اور مضارع نصر سے یَمُوْتُوْنَ مستعمل ہے۔ صفت کا صیغہ مَیِّتٌ تشدید کے ساتھ۔ بمعنی قریب المرگ جمع اس کی موتیٰ اور میت بالسکون بمعنی مردار جمع اس کی اموات آتی ہے مگر ہر ایک دوسرے کے معنی میں مستعمل ہوتا ہے۔ اجوف واوی۔ الاحیاء جمع حیّ کی بمعنی زندہ۔ ازسمع مصدر حیاۃً۔ بمعنی زندہ رہنا۔ حَیِیَ۔ یَحْیٰی۔ اور حَیَّ یَحْیٰی۔ ادغام اور بلاادغام دونوں طرح آتا ہے۔ مادہ۔ ح۔ ی۔ ی لفیف مقرون۔ الناس مبتدا۔ اعداءٌ لِمَا جَہِلُوا۔ اعداء شبہ فعل لام حرف جارہ۔ ما موصولہ جہلوا۔ صلہ۔ دونوں مل کر مجرور جار مجرور متعلق اعداء کے ساتھ۔ پھر خبر ہوئی مبتدا کی۔ اعداء جمع ہے عدوٌّ کی۔ بمعنی دشمن جمع الجمع اعادٍ ازسمع مصدر عداً بغض رکھنا۔ وازنصر مصدر عدواناً بمعنی ظلم کرنا۔ العاقل مبتدا۔ تکفیہ الاشارۃ جملہ فعلیہ ہوکر خبر۔ عاقل بمعنے سمجھدار جمع اس کی عُقَلَاءُ۔ عاقِلُوْنَ۔ عُقَّالٌ۔ ازضرب مصدر عقلاً بمعنے باندھنا اور سمجھنا۔ عقل کو عقل اس لئے کہتے ہیں کہ عقل ارتکاب مناہی سے روکتی ہے۔ اسی سے ہے عقال بمعنے رسّی۔ اس سے باندھی جاتی ہے۔ تکفیہ۔ واحد مؤنث غائب۔ مضارع معروف بروزن ترمی۔ اصل میں تکفیُ تھا ضمہ یا پر ثقیل ہوا۔ ساکن کیا۔ ازضرب مصدر کفایۃً بمعنی بس کرنا۔ ک۔ ف۔ ی مادہ۔ ناقص یائی تکفیہ کی ضمیر مفعول عاقل کی طرف راجع ہے الاشارۃ فاعل تکفیہ کا۔ افعال کا مصدر بروزن اغاثۃ۔ اصل میں اشوارٌ تھا۔ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن۔ واؤ کی حرکت نقل کرکے ماقبل کو دیا۔ پس واؤ اصل میں متحرک تھا اب ماقبل اس کا مفتوح واؤ کو الف سے بدل کیا۔ اجتماع ساکنین کی وجہ سے الف ساقط ہوگیا۔ پھر اس کے عوض میں آخر میں تا لایا گیا ہے اشارۃ ہوا۔ مادہ ش، و، ر۔ اجوف واوی۔ العجب مبتدا۔ آفۃ اللب خبر عُجْبٌ بمعنی خودپسندی و تکبر و فخر۔ ازسمع۔ مصدر عجباً۔ تعجب کرنا۔ اللب بمعنی عقل۔ جمع اس کی اَلْبَابٌ۔ ازسمع۔ مصدر لَبَبًا بمعنے عقلمند ہونا۔ اذا تم العقل۔ شرط۔ نقص الکلام۔ جزا تمّ بروزن فرّ۔ ازضرب۔ مصدر تماماً۔ پورا ہونا۔ مضاعف ثلاثی۔ نقص ازنصر۔ مصدر نقصاناً۔ کم ہونا۔ الکلام۔ بات۔ تفعیل کا مصدر بھی آتا ہے بروزن سلام الادب مبتدا۔ جنۃ خبر۔ ادب بمعنے دسترخوان بچھانا۔ ازضرب وازکرم ادیب ہونا۔ جمع اس کی آداب۔ صفت کا صیغہ۔ اَدِیْبٌ جمع اس کی اُدَبَاءُ اور ادب بمعنے عقل و تعظیم اور خصوصاً علم عربی بھی آتا ہے جنۃ۔ ڈھال۔ جمع اس کی جُنَنٌ۔ جس کلمہ کے مادہ میں جیم و نون ہو اس میں چھپانے کے معنے ہوتے ہیں تو جنۃ کو جنۃ کہا جاتا ہے کہ اسکے نیچے لوگ چھپتے ہیں اور جن کو جن اسلئے کہا جاتا ہے کہ آنکھوں سے مخفی ہے (باقی بر صفحہ ۷)

اَلْحِرْصُ مِفْتَاحُ الذِّلِّ — اَلْقَنَاعَۃُ مِفْتَاحُ الرَّاحَۃِ

اَلصَّبْرُ مِفْتَاحُ الْفَرَجِ — اَلنَّقْدُ خَیْرٌ مِّنَ النَّسِیْئَۃِ

اَلْجَاہِلُ یَرْضٰی عَنْ نَفْسِہٖ — اَلسَّعِیْدُ مَنْ وُّعِظَ بِغَیْرِہٖ

اَلنَّاسُ بِاللِّبَاسِ — اَلنَّاسُ عَلٰی دِیْنِ مُلُوْکِہِمْ

بقیہ صفحہ گذشتہ: - اور جان یعنی قلب وہ بھی بدن میں مخفی ہے۔ اور جنین۔ جو بچہ پیٹ میں مخفی ہے اور مجنون بھی مستور العقل ہے۔ اور جنت بہشت کا باغ۔ وہ بھی درختوں میں مخفی ہے۔ نیز اس میں درختوں کی مزاحمت کی وجہ سے ہر چیز مخفی رہتی ہے۔ نیز ہمارے مشاہدہ سے بھی مخفی ہے۔ اور جانی یعنی جنابت کرنے والا بھی لوگوں سے چھپا ہوا پھرتا ہے۔

متعلقہ صفحہ ہٰذا: - الحرص۔ مبتدا۔ مفتاح الذل۔ خبر الحرص ازنصر وضرب۔ حرص کرنا۔ یعنی لالچ کرنا۔ مفتاح۔ کنجی۔ جمع اس کی مفاتیح۔ از فتح۔ کھولنا۔ الذل بمعنی ذلت۔ ازضرب بمعنی ذلیل ہونا۔ القناعۃ۔ مبتدا۔ مفتاح الراحۃ خبر۔ قناعت جس قدر پاوے اس پر راضی ہونا۔ ازسمع مصدر قناعۃ۔ قنعًا۔ ازفتح۔ مصدر قنوعا۔ مانگنا۔ عاجزی کرنا۔ الصبر مفتاح الفرج۔ مبتدا خبر۔ صبر ازضرب۔ فرج ازضرب بمعنی کھولنا۔ مصدر فرجا۔ بمعنی کشادگی۔ النقد مبتدا خیر۔ خیر النقد ضد ادھار کی۔ جمع اس کی نقودٌ۔ از نصر قیمت نقد ادا کرنا۔ دراہم۔ پرکھنا۔ خیر اسم تفضیل۔ اصل میں اَخْیَرُ۔ یا کی حرکت کو نقل کرکے ماقبل میں دیا۔ تخفیف کے لئے ہمزہ وصل کو استغنار کے سبب سے حذف کیا خیرٌ ہوا۔ ازسمع۔ النسیئۃ۔ ادھار من النسیئۃ خیرٌ کے ساتھ متعلق ہے۔ الجاہل مبتدا۔ یرضیٰ۔ خبر۔ عن نفسہ۔ یرضیٰ کے ساتھ متعلق ہے۔ جاہل۔ ازسمع نہ جاننا۔ اس کی جمع جَہَلَۃٌ۔ جُہّلًا و۔ یرضیٰ۔ ازسمع۔ مصدر۔ رضیً بمعنی راضی ہونا۔ پسند کرنا۔ اصل میں یَرْضَوُ تھا واؤ اصل میں تیسری جگہ میں تھا۔ چوتھی جگہ میں ہوا۔ واؤ کی حرکت ماقبل کے مخالف ہے لہٰذا واؤ کو یا کیا گیا۔ اب قاعدہ پایا گیا۔ یا متحرک ماقبل مفتوح۔ یا کو الف کیا۔ یرضیٰ ہوا۔ ناقص واوی۔ نفس بسکون فا بمعنی شخص۔ جمع اس کی نفوسٌ۔ انفسٌ۔ اور نفسٌ بفتح فا بمعنی سانس جمع اس کی انفاسٌ آتی ہے۔ السعید مبتدا۔ من وعظ۔ خبر بغیرہ وعظ کے ساتھ متعلق ہے۔ سعید بمعنے نیک بخت۔ صفت کا صیغہ ہے۔ جمع اس کی سُعَدَاءُ ازسمع مصدر سعادۃ۔ نیک بخت ہونا۔ وُعِظَ۔ ماضی مجہول۔ ازضرب۔ مصدر عظۃ۔ نصیحت کرنا۔ مثال واوی۔ غیر کی جمع اغیار ہے۔ الناس مبتدا باللباس مع متعلق خبر ہے۔ لباس پوشاک۔ جمع اَلْبِسَۃٌ۔ ازسمع مصدر لُبْسًا۔ کپڑا پہننا واز ضرب مصدر لَبْسًا۔ خلط ملط کرنا۔ الناس مبتدا۔ علیٰ دین ملوکہم مع متعلق خبر۔ دین۔ مذہب جمع ادیان اطاعت کی جانے کے اعتبار سے دین۔ املا کی جانے کے اعتبار سے۔ ملت ملوک کی جمع ہے۔ ملک کے معنے بادشاہ اور مُلک بضم میم وسکون لام۔ بادشاہی۔ جمع ممالک۔ مَلَک بمعنی فرشتہ۔ جمع ملائکۃ۔ اور مِلک بکسر میم وسکون لام۔ بمعنی مملوک چیز جمع اس کی املاک ازضرب مصدر مِلکاً۔ مالک ہونا۔ ۱۲

اَلْقَرْضُ مِقْرَاضُ الْمَحَبَّةِ	اَلْاَمَانِیُّ تُعْمِیْ عُیُوْنَ الْبَصَائِرِ
اَلْحِلْمُ سَجِیَّةٌ فَاضِلَةٌ	اَلْحِمْیَۃُ رَاْسُ کُلِّ دَوَاءٍ
اَلْمَرْءُ یَقِیْسُ عَلٰی نَفْسِہٖ	اَلْجِنْسُ یَمِیْلُ اِلَی الْجِنْسِ

(ترکیب وتحقیق) القرض۔ مبتدا۔ مقراض المحبۃ خبر۔ قرض ازضرب۔ کسی کو بدلہ دینا۔ کاٹنا۔ مجازاً بمعنی قرض لینا۔ مقرض۔ کاٹنے کا آلہ۔ قینچی۔ جمع اس کی مقاریض۔ المحبۃ۔ دوستی۔ ازضرب۔ مصدر حبًّا۔ محبت کرنا۔ وازسمع وکرم محبوب ہونا۔ الامانی مبتدا۔ تعمی الخ جملہ خبر۔ ضمیر تعمی راجع ہے امانی کی طرف۔ عیون البصائر۔ مفعول تعمی کا۔ امانی جمع امنیۃ کی۔ آرزو۔ اس کی جمع امانٍ بھی آتی ہے اور منیۃ کے معنے بھی آرزو۔ اس کی جمع منی۔ منیً اور منیۃٌ۔ بفتح المیم بمعنے موت۔ اس کی جمع منایا۔ ازضرب مصدر۔ منیًا مقدر کرنا۔ ناقص یائی۔ تعمی۔ مضارع۔ واحد مؤنث غائب۔ ازافعال۔ اندھا کرنا۔ اصل میں تعمیُ تھا۔ ضمہ یا پر ثقیل ہوا ساکن کیا۔ مجرد ازسمع مصدر عمیًا۔ اندھا ہونا۔ عیون عین کی جمع ہے۔ آنکھ وبمعنے سردار وبمعنے چشمہ وبمعنی سورج اس کی جمع اَعْیُنٌ واعیانٌ بھی ہے البصائر۔ بصیرۃٌ کی جمع ہے بمعنی عقل وبینائی۔ اور بصر بمعنے آنکھ۔ جمع اس کی ابصارٌ۔ الحلم۔ مبتدا۔ سجیۃٌ فاضلۃ۔ موصوف۔ صفت خبر۔ حلم بمعنے بردباری جمع اس کی احلامٌ حلومٌ ازکرم۔ بردبار ہونا۔ سجیۃ طبیعت جمع اس کی سجایا۔ فاضلۃ۔ فضیلت والی۔ مونث فاضلٌ۔ کی جمع اس کی فاضلاتٌ۔ فواضلُ۔ الحمیۃ۔ پرہیز رَاسٌ۔ سر۔ جڑ۔ جمع اس کی رؤسٌ۔ ارؤس۔ الحمیۃ مبتدا۔ راس کل۔ دواء خبر۔ دواءٌ بمعنی دارو۔ جمع اس کی اَدْوِیَۃ۔ المرءَ۔ مبتدا۔ یقیس جملہ۔ خبر۔ علی نفسہ۔ متعلق یقیس کے ساتھ۔ مرء۔ بمعنی مرد۔ یقیس۔ ازضرب اصل میں یَقْیِسُ تھا۔ یا متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن۔ یا کی حرکت کو نقل کرکے ماقبل میں دیا۔ یقِیْسُ ہوا مصدر قَیْسًا۔ قیاسًا۔ کسی چیز کو نمونہ پر انداز کرنا۔ اجوف یائی۔ یقیس کی ضمیر۔ مرء کی طرف راجع ہے۔ الجنس۔ مبتدا۔ یمیل جملہ خبر جنسٌ۔ جمع اس کی اَجْنَاسٌ یمیل ازضرب مصدر۔ مَیْلاً۔ بصلہ الیٰ مائل ہونا۔ بصلہ عن۔ اعراض کرنا۔ اصل میں یَمْیِلُ تھا۔ بقاعدہ یقیس یمیل ہوا ۱۲

اَلْكَرِيْمُ إِذَا وَعَدَ وَفٰى   اَلْحِكْمَةُ تَزِيْدُ الشَّرِيْفَ شَرَفًا   اَلدُّنْيَا
بِالْوَسَائِلِ لَا بِالْفَضَائِلِ   اَلدُّنْيَا مَزْرَعَةُ الْآخِرَةِ   اَلْاِنْسَانُ
حَرِيْصٌ فِيْمَا مُنِعَ   اَلْاِنْسَانُ عَبْدُ الْاِحْسَانِ   اَلصِّدْقُ
يُنْجِيْ وَالْكِذْبُ يُهْلِكُ ۔

(ترکیب و تحقیق) الکریم مبتدا اذا وعد جملہ شرطیہ خبر۔ کریم۔ اسم فاعل وصفت مشبہ۔ ازکرم بسخاوت کرنا۔ جمع اس کی کُرَماءُ وکِرَامٌ۔ وعد ازضرب۔ مصدر وعداً وعدۃً۔ وعدہ کرنا۔ وفٰی ازضرب ماضی۔ مصدر۔ وفاءٌ۔ پورا کرنا۔ اصل میں وَفَیَ تھا۔ یا متحرک ماقبل مفتوح یا کو الف سے بدل گیا۔ لفیف مفروق۔ الحکمۃ۔ مبتدا۔ تزید الخ جملہ خبر۔ حکمۃ۔ کام کی باتیں۔ جمع اس کی حِکَمٌ۔ صفت کا صیغہ حکیم بمعنے کام کی باتیں۔ جاننے والا۔ تزید واحد مؤنث غائب۔ مضارع ازضرب۔ مصدر زیادۃٌ۔ زیادہ کرنا۔ زیادہ ہونا۔ لازم متعدی دونوں طرح آتا ہے۔ اجوف یائی۔ شریف صفت کا صیغہ ازکرم۔ مصدر شرافۃٌ۔ شریف ہونا۔ بلندمرتبہ والا ہونا جمع اس کی شُرَفَاءُ۔ واشرافٌ۔ الشریف مفعول اول۔ وشرفاً مفعول ثانی۔ تزید کی ضمیر فاعل راجع ہے طرف حکمت کے۔ الدنیا۔ مبتدا۔ بالوسائل مع متعلق خبر لا عاطفہ۔ ای لا الدنیا بالفضائل۔ دنیا مؤنث ادنیٰ کا۔ اسم تفضیل مؤنث ازنصر دُنُوٌّ سے نزدیک ہونا۔ دنیا قریب الی الفنا ہے لہٰذا دنیا کہتے ہیں۔ بعض نے کہا دنائت سے بمعنے کمینگی۔ کیونکہ دنیا کمینہ ہے۔ ناقص واوی۔ جمع اس کی دُنیٰ۔ وسائل جمع ہے وسیلۃٌ کی اس کی جمع وُسُلٌ ووُسْلٌ بھی آتی ہے۔ الدنیا۔ مبتدا۔ مزرعۃ الآخرۃ خبر۔ مزرعۃ ظرف مؤنث بمعنے کھیتی کی جگہ۔ جمع اس کی مزارعُ از فتح۔ مصدر زرعاً۔ کھیتی کرنا۔ آخرت واُخریٰ۔ دار بقا اور نسبت کے لئے۔ اُخروی۔ الانسان مبتدا۔ حریص مع متعلق خبر۔ حریص صفت کا صیغہ۔ جمع اس کی حراصٌ وحرصار۔ مُنِعَ۔ ماضی مجہول۔ از فتح۔ منع کرنا۔ مصدر منعاً۔ الانسان مبتدا۔ عبد الاحسان خبر۔ عبد غلام۔ جمع اس کی عبدانٌ۔ عبادٌ عبدۃٌ۔ ازنصر۔ مصدر عبادۃً۔ بندگی کرنا۔ الصدق مبتدا۔ ینجی۔ جملہ خبر۔ صدق سچ بولنا۔ ازنصر مصدر صدقاً۔ صدق کہتے ہیں واقع کے مطابق خبر دینا۔ بخلاف کذب کے۔ ینجی۔ از افعال۔ مصدر انجاءٌ۔ نجات دینا۔ خلاصی دینا۔ اصل میں ینجو تھا۔ واو طرف میں واقع ہوا۔ کسرہ کے بعد تو یا سے بدل گیا۔ یا پر ضمہ ثقیل ہوا۔ ساکن کیا۔ مادہ نجو۔ ناقص واوی۔ مجرد از نصر۔ مصدر نجاۃٌ۔ خلاصی پانا۔ کذب ضد صدق کے۔ ازضرب۔ مصدر کذباً۔ جھوٹ بولنا۔ الکذب مبتدا۔ یہلک خبر۔ از افعال۔ مصدر۔ اہلاکاً۔ ہلاک کرنا۔ ۱۲

إِذَا فَاتَكَ الْأَدَبُ فَالْزَمِ الصَّمْتَ	أَحْسِنْ كَمَا أَحْسَنَ اللّٰهُ إِلَيْكَ
اَلْحَيٰوةُ كَظِلِّ الْجُدْرَانِ وَالنَّبَاتِ	إِذَا فَاتَكَ الْحَيَاءُ فَافْعَلْ مَا شِئْتَ

احسن امر۔ از افعال۔ احسان کرنا۔ مصدر احساناً۔ کما کاف بمعنے مثل۔ صفت۔ مفعول مطلق محذوف کی۔ ما مصدریہ۔ تقدیر عبارت۔ احسن احساناً۔ مثل احسان اللہ الیک۔ لفظ اللہ فاعل محسن کا۔ الیک متعلق احسن کے ساتھ۔ فعل بتاویل مصدر۔ مضاف الیہ کاف بمعنی مثل کا۔ سب ملکر جملہ انشائیہ۔ یا تو کاف بمعنی مثل اور ما مصدریہ۔ فعل بتاویل مصدر مفعول بہ احسن فعل کا۔ اے احسن مثل احسان اللہ اذا فاتک الادب۔ جملہ فعلیہ شرط۔ فالزم الصمت۔ جواب شرط۔ فات بروزن قال اصل میں فوت تھا۔ واؤ متحرک ماقبل مفتوح۔ واؤ کو الف سے بدل کیا۔ از نصر۔ مصدر فوتاً۔ فوت ہونا۔ اجوف واوی۔ فالزم امر از سمع۔ مصدر از لزوماً۔ لازم ہونا۔ الصمت از نصر۔ مصدر صمتاً۔ صموتاً۔ چپ رہنا۔ فرق درمیان صموت اور سکوت کے۔ صموت ناحق سے چپ رہنا۔ سکوت حق سے چپ رہنا۔

دوسرا فرق یہ ہے صموت بہت دیر تک چپ رہنا۔ اور سکوت عام ہے۔ اذا فاتک الحیاء جملہ فعلیہ شرط۔ فافعل الخ۔ جواب شرط۔ حیاء شرم۔ و بمعنی کسی سے شرمانا۔ از سمع مصدر حیاۃً بمعنے زندہ رہنا۔ وحیّ۔ یحییٰ۔ ادغام کے ساتھ بمعنے شرمانا۔ مادہ ح، ی، ی۔ لفیف مقرون بشئت۔ واحد مذکر حاضر۔ اصل میں شیئت تھا۔ یاء متحرک ماقبل مفتوح۔ یا کو الف سے بدلا۔ اجتماع ساکنین ہوا۔ الف اور ہمزہ کے درمیان الف کو گرا دیا۔ پھر فتحہ شین کو کسرہ سے بدل کیا تاکہ حذف یاء پر دلالت کرے۔ مادہ شئ اجوف یائی۔ و مہموز لام۔ از فتح۔ مصدر مشیئۃً۔ شیئاً۔ چاہنا۔ صاحب صراح نے فتح سے لکھا۔ بعض نے سمع سے لکھا۔ شئت میں عائد محذوف اے شئتہ۔ الحیٰوۃ مبتدا۔ الجدران خبر۔ کاف بمعنے مثل۔ والنبات عطف ہے۔ جدران پر۔ ظل سایہ۔ جو زوال شمس سے پہلے ہو اور فئ وہ سایہ جو زوال کے بعد ہو۔ بعض نے کہا کہ ظل وہ سایہ جو بڑھتا اور گھٹتا ہے اور فئ سایہ اصلی۔ ظل از سمع مصدر ظلاً سایہ میں ہونا۔ جمع اس کی اظلال، ظلال، ظلل۔ اور ظلول۔ جدران جمع ہے جدار کی۔ دیوار۔ نبات جو زمین میں اگے واحد نباتۃ۔ جمع اس کی نباتات وانبتۃ ۱۲۔

اَلْعَاقِلُ الْمَحْرُوْمُ خَيْرٌ مِّنَ الْجَاهِلِ الْمَرْزُوْقِ ۔ اَلنَّحْوُ فِي الْكَلَامِ كَالْمِلْحِ فِي الطَّعَامِ ۔ اِنَّ الْبَلَاءَ مُوَكَّلٌ بِالْمَنْطِقِ ۔ اَبْصَرُ النَّاسِ مَنْ نَظَرَ اِلٰى عُيُوْبِهٖ ۔ اَوَّلُ الْغَضَبِ جُنُوْنٌ وَّاٰخِرُهٗ نَدَمٌ

ترکیب و تحقیق :- العاقل المحروم - موصوف مع صفت مبتدا۔ خیرٌ۔ خبر۔ الجاہل المرزوق موصوف ۔ صفت ۔ مِن متعلق خیر کے ساتھ۔ محروم - اسم مفعول - از نصر مصدر حرماناً۔ محروم ہونا۔ وازکرم - مصدر حُرُمَۃً وحراماً۔ حرام ہونا۔ المرزوق۔ اسم مفعول - از نصر مصدر رِزقاً۔ رزق پہنچانا۔ روزی دینا - النحو الخ ذوالحال۔ کیونکہ مبتدا حکماً فاعل ہے - فی الکلام - کائناً سے متعلق ہو کر حال - دونوں مل کر مبتدا - کالملح کاف بمعنی مثل مضاف - الملح - کیونکہ وہ معنے تشبیہ کے مفعول ہے فی الطعام کائناً سے متعلق ہو کر حال۔ دونوں مل کر خبر مبتدا کی - نحو یعنے قصد و جہت و مثل و نوع و طریق یہ سب لغوی معنی ہیں - اصطلاحی معنی هو علمٌ یا حث عن معرفة احوال الکلم العربية بكيفية التركيب العربي اعرابا وبناءً إفراداً وتركيبا - ملح - نمک - جمع اس کی ملاح - از فتح و ضرب - مصدر ملحاً۔ کھانے میں نمک ڈالنا وازکرم - مصدر ملوحۃً۔ نمکین ہونا - طعام کھانا جمع اس کی اَطْعِمَۃٌ ۔ اِطْعِمَاتٌ - اِنَّ البلاءَ - البلاءَ - اسم اِنَّ : مُوَکَّلٌ خبر اِنَّ - بالمنطق - مُوَکَّلٌ سے متعلق ہے - بلاء - بمعنی امتحان وبمعنی پریشانی - جمع اس کی اَبلاءٌ - مُوَکَّل - اسم مفعول - تفعیل سے بمعنی سپرد کیا گیا - المنطق - مصدر میمی - از ضرب - بمعنی بات کہنا - ابصر الناس - مبتدا - مَن موصول - نظر الی عیوبہ - جملہ صلہ - دونوں مل کر خبر - اِلٰی متعلق نظر کے ساتھ - ابصر اسم تفضیل از کرم - مصدر - بصارۃً بمعنے بصیرت والا ہونا - یعنی عقل والا ہونا - نظر از نصر - مصدر نظراً بمعنے سوچنا - فکر کرنا - دیکھنا - عیوب جمع ہے عیب کی - ازضرب - مصدر عیباً بمعنے عیب کرنا - اول الغضب مبتدا - جنون خبر - غضب - غصہ از سمع مصدر غضباً مغضبۃً - غضبناک ہونا - جنون - دیوانگی - جُنَّ از نصر - مجہول - جنّاً وجنوناً دیوانہ ہونا - بصیغہ معروف - جنّ جناً - جنوناً - یعنی چھپانا - پوری تحقیق گذر چکی ہے - آخرہ - مبتدا - ندم خبر - ندم - شرمندگی از سمع - مصدر ندامۃً وندماً - پشیمان ہونا ۱۲

إِذَا قَلَّ مَالُ الْمَرْءِ قَلَّ صَدِيْقُهٗ ۔ إِصْلَاحُ الرَّعِيَّةِ أَنْفَعُ مِنْ كَثْرَةِ الْجُنُوْدِ ۔ اَلْجَاهِلُ عَدُوٌّ لِنَفْسِهٖ فَكَيْفَ يَكُوْنُ صَدِيْقًا لِغَيْرِهٖ ۔ اَلْجَاهِلُ يَطْلُبُ الْمَالَ وَالْعَاقِلُ يَطْلُبُ الْكَمَالَ ۔ إِذَا تَكَرَّرَ الْكَلَامُ عَلَى السَّمْعِ تَقَرَّرَ فِي الْقَلْبِ

ترکیب و تحقیق، اِذَا قَلَّ مال المرء ۔ شرط ۔ قلّ صدیقہ جزا ۔ قلّ ازضرب ۔ مصدر قِلّۃً وَقِلًّا وقُلًّا ۔ کم ہونا ۔ مال جمع اس کی اموالٌ ۔ باقی تحقیق گذر چکی ۔ صدیق دوست ۔ جمع اس کی اَصْدِقَاءُ ۔ وصُدَقَاءُ ۔ وصِدقان ازنصر ۔ مصدر صِدْقًا سچ بولنا ۔ جمع الجمع اصادِقُ ۔ اصلاح الرعیۃ مبتدا ۔ انفع خبر ۔ اصلاح درست کرنا ۔ الرعیۃ کسی حاکم کے ماتحت کے لوگ جمع اس کی رعایا ۔ انفع اسم تفضیل ۔ ازفتح ۔ مصدر نفعًا ۔ نفع دینا ۔ انتفاع ۔ نفع حاصل کرنا ۔ جنود جمع ہے جُند کی بمعنے لشکر ۔ الجاہل مبتدا ۔ عدوّ لنفسہ ۔ خبر لنفسہ ۔ متعلق عدوٌّ کے ساتھ ۔ فکیف لفظ کیف ۔ اخفش کے نزدیک ظرف ہے پس اگر کیف کے بعد اسم آدے نحو کیف زید پس وہ محلِ رفع میں ہوگا خبر مقدم ہوکر ۔ اور اگر کیف کے بعد جملہ آوے جیسے کیف یقوم زید ۔ پس کیف منصوب المحل ہوگا ۔ مابعد کے جملہ سے حال ہوکر بمعنے علیٰ ایّ حالٍ یقوم زید ۔ یا تو مفعول مطلق واسطے فعل کے بمعنے ایّ قیامٍ یقوم زیدٌ ۔ لیکن کیف کے بعد جو فعل آدے اس کا فاعل اگر واجب الوجود ہو جیسے اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ ۔ پس مفعول مطلق ہونا متعین ہے کیونکہ باری تعالیٰ کیفیت سے منزّہ ہے ۔ یکون فعل ۔ ضمیر راجع جاہل کی طرف ۔ اسم یکون ۔ صدیقًا خبر یکون ۔ لغیرہ صدیقًا سے متعلق ہے ۔ الجاہل ۔ مبتدا ۔ یطلب المال ۔ جملہ خبر یطلب ازنصر ۔ مصدر طلبًا بمعنے تلاش کرنا ۔ والعاقل ۔ مبتدا ۔ یطلب الکمال جملہ خبر ۔ کمال ازنصر و کرم وسمع ۔ مصدر کَمَالًا ۔ کمولًا ۔ کامل ہونا ۔ اذا تکرر الکلام ۔ شرط علی السمع تکرر سے متعلق ۔ تقرّر ۔ جملہ جواب شرط تکرّر از تفعّل ۔ معنی بار بار ہونا ۔ السمع ۔ بمعنی کان جمع اس کی اَسْمَاعٌ ۔ تقرّر از تفعّل ۔ مصدر تقرّرًا ۔ بمعنے راسخ ہونا ۔ قلب ۔ بمعنی دل ۔ ازضرب مصدر ۔ قلبًا ۔ پلٹنا ۔ قلب پلٹتا رہتا ہے لہٰذا قلب کو قلب کہا جاتا ہے ۔ جمع اس کی قلوبٌ ۔ اَقْلُبٌ ۔ ۱۲ ۔

اَلْحَسَدُ كَصَدَاءِ الْحَدِيْدِ لَا يَزَالُ بِهٖ حَتّٰى يَاكُلَهٗ اَلْقَلِيْلُ مَعَ التَّدْبِيْرِ خَيْرٌ مِّنَ الْكَثِيْرِ مَعَ التَّبْذِيْرِ اُطْلُبِ الْجَارَ قَبْلَ الدَّارِ وَالرَّفِيْقَ قَبْلَ الطَّرِيْقِ اَلْوَضِيْعُ اِذَا ارْتَفَعَ تَكَبَّرَ وَاِذَا حَكَمَ تَجَبَّرَ

ترکیب وتحقیق:- الحسد مبتدا۔ کصداء الحدید۔ خبر اول۔ لایزال۔ بہ خبر ثانی۔ حتّٰی جارّہ۔ اس کے بعد اَن مقدرہ ناصبہ۔ لایزال سے متعلق۔ یاکلہ۔ جملہ تاویل مفرد مجرور۔ ضمیر فاعل راجع ہے طرف حسد کے۔ ضمیر مفعول طرف حدید کے۔ حسد۔ کسی کی نعمت زائل ہوکر اپنے لیے اس کے حصول کی تمنا کرنا۔ اور غبطہ۔ دوسرے کی نعمت کے مثل اپنے لئے حاصل ہونے کی خواہش کرنا۔ مگر اس سے زائل ہونے کی خواہش نہو۔ حسد حرام ہے۔ غبطہ جائز بلکہ مستحسن ہے۔ کصداء۔ صداء بمعنے زنگ۔ حدید۔ لوہا۔ جمع اس کی احدّاء۔ حداد۔ ازضرب۔ مصدر حدّا بمعنی چھری تیز کرنا۔ لایزال اصل میں یَزْوَلُ تھا۔ حرکت واؤ نقل کر کے ماقبل میں دیا۔ واؤ اصل میں متحرک تھا اب ماقبل اس کا مفتوح ہوا۔ واؤ کو الف سے بدل کیا۔ اجوف واوی از سمع وضرب۔ یاکلہ۔ ازنصر۔ مصدر اَکْلاً۔ بمعنی کھانا۔ القلیل۔ مبتدا۔ مع التدبیر۔ ظرف قلیل کا۔ خیر۔ خبر من متعلق خیر سے۔ مع التبذیر۔ کثیر کا ظرف قلیل کی جمع۔ قلیلون واَقِلاء۔ وقُللون وقُلل۔ ازضرب۔ مصدر قِلّۃ۔ کم ہونا۔ مضاعف ثلاثی التدبیر۔ کسی امر پر سوچ کرنا۔ اس کے نتیجہ پر غور کرنا۔ مجرد نصر سے۔ مصدر دُبراً۔ پیچھے پھرنا۔ الکثیر۔ اسم فاعل از کرم۔ مصدر کَثرۃً۔ بسیار شدن۔ کثیر کا اطلاق واحد کے مقابل اور قلیل کے مقابل ہوتا ہے۔ یہاں دونوں معنی مراد لے سکتے ہیں۔ تبذیر۔ فضول خرچی یعنی انفاق مال فی غیر طاعۃ اللہ۔ اور اسراف زیادتی فی الانفاق۔ فی موقعہ

اطلب الجار۔ جار مفعول بہ قبل الدار ظرف۔ اُطلب کا جار۔ ہمسایہ جمع اس کی جیرانٌ۔ جیرۃٌ۔ دار۔ مکان۔ مذکر اور مؤنث دونوں طرح آتا ہے۔ جمع اسکی دورٌ، دیارٌ، اَدْوُر۔ ادوِرَۃ۔ دیارۃ۔ وغیرہ۔ والرفیق۔ عطف ہے جار پر۔ بمعنی سفر کے دوست۔ جمع اس کی رفقاء۔ ازکرم۔ مصدر رفاقۃ۔ رفیق وساتھی ہونا۔ الطریق۔ راستہ جمع اُس کی طُرُقٌ۔ اَطْرُق۔ اطراق۔ اطرقۃ۔ طُرُقات۔ مذکر ومؤنث دونوں طرح از انصر۔ مصدر طَرْقاً۔ کھٹکھٹانا۔ راستہ کو چلنے والا کھٹکھٹاتا ہے چلتے وقت لہٰذا طریق کہا جاتا ہے۔ فعیل بمعنی مفعول۔ یعنی طریق بمعنے مطروق۔ یا طَرَقَ۔ البعیر الماءَ سے ماخوذ ہے بمعنی پانی گدلا کرنا۔ راستہ میں پاخانہ پیشاب کر کے گدلا کر دیتے ہیں لہٰذا طریق کہتے ہیں۔ قبل الطریق۔ ظرف ہے اطلب کا۔ الوضیع مبتدا۔ اذا ارتفع شرط شرط۔ تکبر۔ جزا۔ سب مل کر خبر۔ واذا حکم تجبر عطف ہے۔ (باقی صفحہ پر)

اَلْفَرَاغُ مِنْ شَانِ الْاَمْوَاتِ وَالْاِشْتِغَالُ مِنْ شَانِ الْاَحْيَاءِ
اَلصَّدِيْقُ الصَّدُوْقُ مَنْ يَنْصَحُكَ فِيْ غَيْبِكَ وَاٰثَرَكَ عَلٰى نَفْسِهٖ اَفْضَلُ
النَّاسِ مَنْ كَانَ بِعَيْبِهٖ بَصِيْرًا اَوْعَنْ عَيْبِ غَيْرِهٖ ضَرِيْرًا اَلْبُخْلُ وَالْجَهْلُ
مَعَ التَّوَاضُعِ خَيْرٌ مِنَ الْعِلْمِ وَالسَّخَاءِ مَعَ الْكِبْرِ۔

(ترکیب وتحقیق بقیہ صفحہ ۱۳) ما قبل کے جملہ شرطیہ پر۔ وَضیع۔ کمینہ ازکرم۔ مصدر ضَعَۃ۔ ضِعَۃً۔ کمینہ ہونا۔ اِرتفع مصدر ارتفاع۔ بلند ہونا۔ تجبّر فخر کرنا۔ تجبّر سرکش ہونا ۱۲

متعلقہ صفحہ ھٰذا: الفراغ۔ مبتدا۔ من شان الاموات۔ خبر۔ فَراغ۔ کام سے خالی ہونا۔ ازنصر وفتح وسمع۔ مصدر فراغاً۔ شان بمعنی حال۔ جمع اس کی شئون۔ الاموات جمع ہے مَیّت کی۔ مُردہ۔ والاشتغال۔ مبتدا۔ من شان الاحیاء خبر۔ اشتغال۔ کسی کام میں مشغول ہونا۔ مجرد از فتح۔ مصدر شغلاً۔ مشغول کرنا۔ الصدیق۔ الصدوق۔ موصوف مع صفت مبتدا من ینصحک الخ خبر۔ فی متعلق ینصحک کے ہے۔ وآثرک عطف ہے۔ ینصحک پر۔ علی نفسہ آثر سے متعلق ہے۔ صدوق بمعنی دائم۔ الصدق جمع اس کی صُدُق۔ صُدُق۔ ینصحک از فتح۔ مصدر نصحا۔ خیر خواہی کرنا۔ غیب۔ ازضرب۔ غائب ہونا۔ مصدر غیاباً۔ غیبۃً۔ غائب ہونا۔ آثر۔ ماضی از افعال۔ مصدر ایثاراً۔ ترجیح دینا۔ اصل میں اَأْثَرَ تھا۔ دو ہمزہ اول کلمہ میں ہوئے اول متحرک دوسرا ساکن ہمزۂ دوم کو ہمزۂ اول کی حرکت کے موافق حرف علت سے بدل کیا۔ وجوباً مادہ اثر۔ مہموز فا۔ افضل الناس مبتدا۔ من کان الخ خبر۔ بصیرا کان کی خبر۔ بعیبہ بصیرا سے متعلق ہے ضریراً عطف ہے۔ بصیراً پر۔ عن عیب غیرہ۔ ضریراً سے متعلق ہے بصیر بینا۔ جمع اس کی بُصَرَاءُ۔ ازکرم وسمع۔ مصدر بصرًا بَصَارۃً۔ بینا ہونا۔ عیب۔ جمع اس کی عیوب ازضرب۔ مصدر عیباً۔ عیب کرنا ضریر۔ نابینا۔ جمع اس کی اَضِرَّاءُ۔ وأضرّاءُ۔ ضَرَّ۔ بصرہٗ بمعنے نابینا ہو البخل۔ والجہل معطوف علیہ۔ یا معطوف ذوالحال مع التواضع حال دونوں ملکر مبتدا۔ خیر۔ خبر۔ من متعلق خبر سے العلم والسخاء معطوف علیہ یا معطوف ذوالحال مع الکبر حال۔ دونوں ملکر مجرور من جارہ کا۔ البخل ازسمع۔ مصدر بُخلاً وازکرم مصدر بُخلاً بخیل ہونا۔ تواضع مصدر تفاعل ۔ فروتنی کرنا۔ سخاء از نصر مصدر سخاءً وسخاوۃً سخی ہونا۔ ناقص واوی۔ کبر۔ بمعنی تکبر ۱۲

اَجْهَلُ النَّاسِ مَنْ يَمْنَعُ الْبِرَّ وَيَطْلُبُ الشُّكْرَ وَيَفْعَلُ الشَّرَّ وَيَتَوَقَّعُ الْخَيْرَ

اَلدَّالُ عَلَى الْخَيْرِ كَفَاعِلِهٖ — اَلْقَلَمُ شَجَرَةٌ ثَمَرُهَا الْمَعَانِيْ — كَمَا تَدِيْنُ تُدَانُ

ترکیب وتحقیق:- اجہل الناس۔ مبتدا۔ من یمنع۔ جملہ خبر۔ البرّ۔ مفعول بہ یمنع کا۔ یطلب عطف ہے یمنع پر۔ الشکر مفعول بہ یطلب کا۔ ویتوقع عطف ہے یطلب پر۔ یمنع ازفتح۔ منع کرنا۔ مصدر منعاً۔ البر بکسر با ر نیکوئی۔ بفتح باء۔ صیغہ صفت۔ بھلائی کرنے والا۔ جمع اس کی ابرار۔ بضم با ر گندم۔ شکر۔ ازنصر مصدر شکراً۔ شکر کرنا۔ شر۔ برائی۔ جمع اس کی شرورٌ ازنصر وسمع۔ مصدر شرًّا۔ وشرارۃً۔ متصف بالشر ہونا۔ یتوقع ازتفعل بروزن یتقبل۔ مصدر توقعاً۔ بمعنی امید کرنا۔ مادہ وقع۔ مثال واوی۔ الدال۔ مبتدا علی متعلق الدال سے۔ کفاعلہ۔ کاف بمعنی مثل مضاف۔ فاعلہ مضاف الیہ۔ دونوں مل کر خبر۔ الدال اسم فاعل۔ اصل میں دَالِلٌ تھا۔ دال اول کو ساکن کرکے دوسرے دال میں ادغام کیا۔ دونوں حرف ہم جنس ہونے کی وجہ سے مضاعف۔ ثلاثی ازنصر۔ مصدر دلالۃً۔ راہ نمودن۔ القلم مبتدا۔ شجرۃ۔ موصوف۔ ثمرہا۔ مبتدا۔ المعانی خبر۔ جملہ ہوکر صفت۔ موصوف کی۔ دونوں مل کر خبر۔ قلم کی جمع اقلام۔ شجرۃ۔ درخت۔ جمع اس کی اشجار۔ ثمر۔ پھل۔ جمع اس کی ثمار۔ جمع الجمع اثمار۔ ثمرۃ۔ ثمر کا واحد۔ ثمرۃ۔ المعانی۔ جمع۔ معنیٰ کی۔ اسم مفعول ازضرب۔ مصدر۔ عنایۃ۔ قصد کرنا۔ اصل میں معنویٌ تھا۔ واؤ اور یا ایک جگہ جمع ہوئے۔ اول ساکن دوسرا متحرک۔ واؤ کو یا سے بدل کیا۔ اور مناسبت یا کی وجہ سے ضمہ نون کو کسرہ سے بدل کیا۔ پھر خلاف قیاس ایک یا کو حذف کردیا۔ اور کسرہ نون کو فتح سے بدل کیا۔ پھر یا کو الف سے بدل کیا۔ اب دو ساکن جمع ہوئے یعنی الف اور تنوین کے درمیان۔ پس الف کو گرادیا۔ ناقص یائی۔ نیز ظرف مکان اور مصدر میمی بھی ہوسکتا ہے۔ کما تدین اس میں دو صورتیں ہیں۔ ایک یہ کہ کما تدین۔ تدان۔ تدین۔ واحد مذکر حاضر۔ دین سے جزا دینا۔ ازضرب۔ مصدر دَیْنًا۔ اصل میں تَدْیِنُ تھا۔ یار متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن۔ یار کی حرکت نقل کرکے ماقبل میں دیا۔ اس وقت تدان بروزن تُبَاعُ واحد مذکر حاضر۔ مضارع مجہول۔ اصل میں تُدْیَنُ تھا۔ یار متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن۔ یار کی حرکت نقل کرکے ماقبل میں دی۔ اس کے بعد قاعدہ پایا گیا کہ یار اصل میں متحرک تھا اب اس کا ماقبل مفتوح ہوا پس یار کو الف سے بدل کیا۔ تُدان ہوا۔ اس وقت ترجمہ ہوگا جیسا جزا دیتا ہے۔ تو ویسا ہی جزا دیا جائے گا تجھ کو۔ یعنی تو جیسا کرتا ہے ویسا ہی تیرے ساتھ کیا جائے گا۔

دوسری صورت یہ کہ تُدِین صیغہ معروف افعال سے۔ مصدر ادانۃٌ۔ قرض دینا۔ اصل میں تدین تھا۔ یار متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن۔ یا کی حرکت نقل کرکے ماقبل میں دیا تُدِیْنَ ہوا۔ اِغاثۃ کے وزن پر نہیں۔ اس لئے کہ اغاثۃ اجوف واوی اور ادانۃ اجوف یائی ہے۔ اور تُدان بروزن تُنَالُ اصل میں تُدْیَنُ تھا۔ بروزن تُکْرَمُ۔ یار متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن۔ یا کی حرکت نقل کرکے (باقی صہ ۱۶ پر دیکھئے

مَنْ صَبَرَ ظَفِرَ	مَنْ ضَحِكَ ضُحِكَ	مَنْ جَدَّ وَجَدَ	ثَمَرَةُ
الْعَجَلَةِ النَّدَامَةُ	سَيِّدُ الْقَوْمِ خَادِمُهُمْ	خَيْرُ الْأُمُوْرِ أَوْسَطُهَا	

ترکیب و تحقیق. بقیہ صفحہ ۱۵:- ماقبل میں دیا۔ اب قاعدہ پایا گیا کہ یا اصل میں متحرک تھا۔ اب اس کے ماقبل مفتوح۔ پس یا کو الف سے بدل کیا۔ تُدَانُ ہوا۔ اس وقت ترجمہ یہ ہوگا جیسا قرض دیتا ہے تو۔ ویسا ہی قرض دیا جاوے گا تو۔ کاف بمعنی مثل۔ تقدیر عبارت۔ تُدَانُ دَیْنًا۔ مثل دِیْنِکَ۔ کاف بمعنے مضاف۔ ما مصدریہ۔ تدین فعل بتاویل مصدر مضاف الیہ۔ دونوں مل کر دینًا۔ مفعولِ مطلق محذوف کی صفت ہے۔ سب مل کر جملہ فعلیہ ہوا۔

متعلقہ صفحہ ھٰذا:- مَنْ صَبَرَ۔ کلمہ من اس قسم کی ترکیب میں بالاتفاق مبتدا ہے۔ لیکن اس کی خبر میں اختلاف ہے۔ بعض کے نزدیک اس کے لئے خبر نہیں۔ مگر یہ قول درست نہیں کیونکہ معنی اور قیاس عربیت سے یہ خارج ہے بعض کے نزدیک اس کی خبر جزا ہے۔ کیونکہ فائدہ تامہ اسی جزا سے ہے اور بعض کے نزدیک اس کی خبر جزا مع الشرط ہے اور یہ اقرب الی التحقیق ہے کیونکہ شرط اور جزا کلمۂ شرط کے سبب مثل کلمۂ واحدہ کے ہوگیا۔ اور بعض کے نزدیک خبر فقط شرط ہے تو بر تقدیر تحقیق ترکیب اس طرح ہوگی۔ مَنْ متضمن بمعنی شرط مبتدا۔ صبر جملہ ہو کر شرط اور ظفر جملہ ہو کر جزا۔ جملہ شرطیہ خبر مبتدا کی۔ (از بلبین ابوسعیدی)۔ من ضحک۔ ترکیب مثل سابق کے۔ ضحک از سمع۔ مصدر ضحکا بمعنی ہنسنا۔ مَنْ جَدَّ وَجَدَ۔ ترکیب مثل سابق کے۔ جدّ از نصر و ضرب۔ مصدر جدًّا کوشش کرنا۔ وَجَدَ از ضرب۔ مصدر وِجْدَانًا۔ پانا۔ مثال واوی۔ ثمرۃ العجلۃ۔ مبتدا الندامۃ خبر۔ ثمرۃ پھل۔ جمع اس کی ثمرات وثمارٌ وثُمُرٌ۔ العجلۃ۔ از سمع مصدر عَجَلًا عَجَلَۃً جلدی کرنا۔ ندامت۔ از سمع۔ مصدر ندمًا ندامۃً۔ نادم ہونا۔ سید القوم۔ خادمہم خبر۔ سید سردار۔ جمع اس کی اَسْیَادٌ۔ سیائدُ۔ از نصر۔ مصدر سِیَادَۃٌ۔ سردار ہونا۔ قوم۔ لوگوں کی جماعت۔ جمع اس کی اَقْوَامٌ۔ جمع الجمع اَقَاوِیْمُ۔ خادم خدمتگار جمع اس کی خُدَّامٌ وَخَدَمٌ۔ از نصر و ضرب۔ مصدر خِدْمَۃٌ۔ خدمت کرنا۔ خیر الامور۔ مبتدا۔ اوسطہا۔ خبر۔ امور۔ امر کی جمع بمعنے چیز۔ اوسط۔ جمع وسط کی ۱۲

كُلُّ جَدِيْدٍ لَذِيْذٌ قَصَصُ الْاَوَّلِيْنَ مَوَاعِظُ الْاٰخِرِيْنَ رَأْسُ
الْحِكْمَةِ مَخَافَةُ اللّٰهِ زُرْ غِبًّا تَزْدَدْ حُبًّا لَيْسَ الْخَبَرُ كَالْمُعَايَنَةِ عِنْدَ
الرِّهَانِ تُعْرَفُ السَّوَابِقُ حُبُّ الشَّيْءِ يُعْمِيْ وَيُصِمُّ جَزَاءُ مَنْ يَكْذِبُ
اَنْ لَّا يُصَدَّقَ خَيْرُ النَّاسِ مَنْ يَنْفَعُ النَّاسَ مَنْ لَّا يَرْحَمُ لَا يُرْحَمُ
مَنْ لَمْ يَقْنَعْ لَمْ يَشْبَعْ ۔

تحقیق وترکیب: کل جدید ۔ مبتدا ۔ لذیذ خبر ۔ جدید ۔ نیا ۔ جمع جُدُد ازضرب ۔ مصدر جِدَّۃ ۔ نیا ہونا ۔ لذیذ ۔ مزیدار ۔ مرغوب ۔ جمع لُذُذٌ ولذاذٌ ازسمع ۔ مصدر لذًا ۔ لذیذ ہونا ۔ قصص الاولین ۔ مبتدا ۔ مواعظ الاٰخرین ۔ خبر ۔ قصص جمع ہے قصّہ کی بمعنی واقعہ ۔ اس کی جمع اقاصیص بھی آتی ہے ۔ اوّلین جمع ہے اول کی ۔ مواعظ جمع ہے موعظۃ کی ۔ نصیحت ۔ ازضرب مصدر عظۃ ۔ نصیحت کرنا ۔ الآخرین جمع ہے آخر کی ۔ راس الحکمۃ ۔ مبتدا ۔ مخافۃ اللہ خبر ۔ مخافۃ بمعنی خوف ۔ مصدر میمی ۔ زُر غبا ۔ زر ۔ امر حاضر ۔ ذوالحال غبا حال اے حال کونک غائبًا یا مفعول مطلق ہے ۔ فعل محذوف کے ۔ ای تغبّ ۔ غبًّا جملہ ہوکر حال ۔ ذوالحال مع حال فاعل زر کا ۔ تزدد مضارع حاضر ۔ ضمیر انت مستتر ۔ فاعل حبا ۔ مفعول بہ ۔ سب مل کر جملہ فعلیہ ۔ زر امر نصر ۔ مصدر زیارۃ ۔ ملاقات کرنے کے لئے جانا ۔ مادہ زور اجوف واوی اصل میں اُزْوُر تھا واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت نقل کرکے ماقبل میں دی اجتماع ساکنین ہوا ۔ درمیان واؤ اور را کے ۔ واؤ گر گیا اور جب ابتدا بسکون لازم نہ رہا ہمزہ بھی گر گیا ۔ زُر ہوا بروزن قل ۔ غبا از نصر ۔ مصدر غبًّا غبًّا بمعنی ایک دن آنا ۔ اور ایک دن نہ آنا مضاعف ثلاثی ۔ تزدد واحد مذکر حاضر از افتعال مصدر ازدیاد ۔ بمعنی زیادہ ہونا ۔ زیادہ کرنا ۔ اصل میں تزتید تھا بروزن تجتنب جب افتعال کے فا کلمہ میں زا ہوا تو تا ر افتعال دال سے بدل گیا ۔ پھر یا متحرک ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے یا کو الف سے بدل کیا اور جواب امر ہونے کی وجہ سے مجزوم ہوا ۔ اجتماع ساکنین ہوا درمیان الف اور دال کے الف گر گیا تزدد ہوا اجوف یائی مادہ زی د ۔ مجرد ازضرب ۔ مصدر زیادۃ زیادہ ہونا ۔ زیادہ کرنا ۔ لیس الخبر ۔ الخبر اسم لیس کالمعاینۃ ۔ کاف بمعنی مثل تعرف کا ظرف ۔ السوابق نائب فاعل ۔ رہان ۔ بمعنی مسابقت ۔ گھوڑا دوڑانے کے لئے شرط لگانا ۔ السوابق جمع ہے سابقۃ کی بمعنی سبقت کرنیوالا گھوڑا ۔ اس کی جمع سابقات بھی آتی ہے ۔ حب الشئ یعمی ویصم ۔ شئ چیز ازسمع وفتح ۔ مصدر شیئۃ ۔ چاہنا ۔ اجوف یائی ومہموز لام ۔ جمع اس کی اشیاء یہ لفظ غیر منصرف ہے ۔ الف ممدودہ کی وجہ سے ایک سبب دو سبب کا قائم مقام ہے اصل میں شیئاء تھا بروزن حمراء ۔ قلب مکانی ہوکر اشیاء ہوا ۔ لام کلمہ کو فا کلمہ کی جگہ میں لے گیا اور فا کو عین کی جگہ اور عین کو لام کلمہ کی جگہ اشیائی ہوا ۔ پھر الف زائدہ کے بعد یا طرف کلمہ میں ہوا ۔ ہمزہ ہو گیا ۔ قلب کے بعد یہ کلمہ لفعاء کے وزن پر ہوا ۔ (ازعلم الصیغہ) یعمی افعال سے مصدر اعماء اندھا کرنا ۔ عمی مادہ ۔ ناقص یائی یصم بروزن یمدّ ۔ مصدر اصمام ۔ بہرہ کر دینا ۔ مادہ صمّ ۔ مضاعف ثلاثی ۔ اصل میں یُصْمِم تھا ۔ دو حرف ایک جنس کے جمع ہوئے اول کی حرکت ماقبل میں نقل کرکے ثانی میں ادغام کیا ۔ جزاء ۔ مضاف من موصول باصلہ مضاف الیہ دونوں ملکر مبتدا ۔ ان لا یصدق جملہ بتاویل مفرد خبر ۔ خیر الناس مبتدا ۔ من ینفع الخ موصول باصلہ خبر ۔ الناس مفعول بہ ۔ من لا یرحم موصول باصلہ مبتدا ۔ لا یرحم جملہ فعلیہ خبر ۔ رحم ازسمع مصدر ۔ رحمۃ رحم کرنا ۔ من لم یقنع موصول باصلہ مبتدا ۔ لم یشبع خبر ۔ قناعت ازسمع ۔ جو کچھ حصہ میں آئے اس پر راضی رہنا ۔ شبع ازسمع ۔ مصدر شبعًا ۔ آسودہ ہونا ۔ سیر ہونا ۔

مَنْ أَكْثَرَ الرُّقَادَ حُرِمَ الْمُرَادَ   حُبُّ الدُّنْيَا رَأْسُ كُلِّ خَطِيْئَةٍ   طُوْلُ
التَّجَارِبِ زِيَادَةٌ فِي الْعَقْلِ   بِالْعَمَلِ يُحْصَلُ الثَّوَابُ لَا بِالْكَسَلِ
مَنْ حَفِظَ لِسَانَهُ قَلَّتْ نَدَامَتُهُ   كُلُّ إِنَاءٍ يَنْضَحُ بِمَا فِيْهِ   مَنْ قَلَّ
صِدْقُهُ قَلَّ صَدِيْقُهُ   مَنْ كَثُرَ لَغَطُهُ كَثُرَ غَلَطُهُ   مَنْ كَثُرَ مِزَاحُهُ
زَالَتْ هَيْبَتُهُ   فَخْرُكَ بِفَضْلِكَ خَيْرٌ مِنْهُ بِأَصْلِكَ   مَنْ مَنَّ
بِمَعْرُوْفِهِ أَفْسَدَهُ   مَنْ قَلَّ حَيَاءُهُ كَثُرَ ذَنْبُهُ۔

تحقیق وترکیب: من اکثر موصول باصلہ مبتدا۔ الرقاد مفعول بہ۔ حرم المراد خبر۔ المراد مفعول ثانی حرم کا ضمیر نائب فاعل راجع طرف من کے
اکثر افعال سے مصدر اکثار زیادہ کرنا۔ ارقاد از نصر مصدر رقادا رقودا بمعنے سونا۔ حرم از ضرب وسمع ومصدر حرما وحرمانا روکنا۔ محروم کرنا وازکرم
کرم۔ مصدر حراما وحرمۃ۔ حرام ہونا۔ مُراد مطلوب یہ اسم مفعول کا صیغہ ہے افعال سے بروزن مخاث اصل میں مرود تھا واؤ کی حرکت نقل کرکے
ماقبل میں دی۔ اب قاعدہ پایا گیا کہ واؤ اصل میں متحرک تھا، اب ماقبل اس کے مفتوح ہوگیا واؤ کو الف سے بدل کیا مراد ہوا۔ مادہ واؤ یا دال
اجوف واوی مصدر ارادۃ ارادہ کرنا۔ حب الدنیا مبتدا۔ راس الخ خبر۔ خطیئۃ گناہ جمع خطایا مادہ خطأ۔ مہموز لازم از سمع مصدر خطأً غلطی کرنا۔
ومصدر خطأً وخطاءۃً گناہ کرنا۔ طول الخ مبتدا۔ زیادۃ مع متعلق خبر۔ طول از نصر مصدر طولاً۔ دراز ہونا۔ تجارب جمع ہے تجربہ کی۔ بالعمل یحصل
کے متعلق ہے۔ الثواب فاعل لا عاطفہ۔ اے لایحصل بالکسل۔ با متعلق یحصل محذوف سے عمل کام جمع اس کی اعمال یحصل از نصر مصدر حصولا
حاصل ہونا۔ ثواب عمل کے جزا خیر ہو یا شر اکثر استعمال خیر میں ہوتا ہے۔ از نصر مصدر ثوبا۔ لوٹنا۔ کسل سستی از سمع۔ مصدر کسلاً سستی کرنا
من حفظ موصول باصلہ مبتدا۔ لسانہ مفعول بہ۔ قلت الخ جملہ ہوکر خبر۔ حفظ از سمع۔ حفاظت کرنا۔ لسان۔ زبان جمع اسکی لُسُنٌ وَأَلْسُنٌ وَأَلْسِنَۃٌ
ولسانات قلت از ضرب۔ مصدر قلۃ کم ہونا۔ اصل میں قللت تھا۔ ادغام کے قاعدہ کے موافق ادغام ہوا۔ ندامت۔ شرمندگی از سمع۔ مصدر
ندامۃ۔ کل اناء۔ مبتدا۔ ینضح الخ خبر اناء۔ برتن جمع اس کی آنیۃ واوان۔ ینضح از فتح مصدر نضحا ٹپکنا۔ کا ینضح سے فیہ متعلق ثبت محذوف کے
موصول باصلہ مجرور۔ من قل الخ مع موصول باصلہ مبتدا۔ صدقہ۔ فاعل۔ قل الخ موصول باصلہ مبتدا۔ لغط فاعل کثر الخ خبر۔ کثر از کرم مصدر
کثرۃ، بسیار شدن۔ لغط۔ شور۔ مبہم آواز جمع اس کی الغاط۔ از فتح۔ مصدر لغطاً شور کرنا۔ غلط از سمع مصدر غلطا غلطی کرنا۔ جمع اس کی اغلاط
من کثر الخ۔ مبتدا۔ زالت الخ خبر۔ مزاح مصدر مفاعلہ کا۔ ممازحۃ بھی مصدر آتا ہے۔ خوش طبعی کرنا۔ ہیبت۔ رعب و ڈر از سمع مصدر ہیبۃ۔ ڈرنا
اجوف یائی۔ فخرک۔ مضاف با مضاف الیہ۔ ذوالحال۔ بفضلک ثابتا سے متعلق ہوکر حال دونوں ملکر مبتدا۔ خیر شبہ فعل۔ منہ۔ من جارہ۔ ہ ذوالحال
باصلک۔ ثابتاً سے متعلق ہوکر حال دونوں مل کر مجرور جار مجرور متعلق خیر سے سب مل کر خبر ای حال کون ذلک الفخر باصلک۔ من من الخ مبتدا۔ افسدہ الخ
خبر من از نصر منا۔ احسان جتلانا۔ معروف۔ احسان وبھلائی ومشہور۔ افسدہ افعال سے۔ مصدر افسادا۔ فاسد کرنا۔ بمعروفہ۔ با متعلق من سے۔ من قل الخ
مبتدا۔ کثر الخ خبر۔ ذنب بسکون نون۔ گناہ جمع اس کی ذُنُوب۔ وبفتح نون۔ دُم جمع اس کی اذناب ۱۲۔

مَنْ حَسُنَ خُلُقُهٗ كَثُرَ اِخْوَانُهٗ   مَنْ كَتَمَ سِرَّهٗ بَلَغَ مُرَادَهٗ   مَنْ اَحَبَّ شَيْئًا اَكْثَرَ ذِكْرَهٗ   مَنْ وَقَّرَ اَبَاهُ طَالَتْ اَيَّامُهٗ   مَنْ طَالَ عُمْرُهٗ فَقَدَ اَحِبَّتَهٗ   تَعَاشَرُوْا كَالْاِخْوَانِ وَتَعَامَلُوْا كَالْاَجَانِبِ   خَيْرُ الْمَالِ مَا وُقِيَ بِهِ الْعِرْضُ   جَرْحُ الْكَلَامِ اَشَدُّ مِنْ جَرْحِ السِّهَامِ   وَحْدَةُ الْمَرْءِ خَيْرٌ مِّنْ جَلِيْسِ السُّوْءِ   شَرُّ النَّاسِ الْعَالِمُ لَا يَنْتَفِعُ بِعِلْمِهٖ   شَخْصٌ بِلَا اَدَبٍ كَجَسَدٍ بِلَا رُوْحٍ۔

تحقیق وترکیب:۔ من حسن الخ مبتدا۔ کثر الخ خبر۔ حسن ازکرم مصدر حسنا حسین ہونا۔ نصر سے بھی آتا ہے خلق بضم خا ولام۔ خصلت وعادت وطبیعت جمع اخلاق از نصر مصدر خلقا۔ پیدا کرنا۔ وازکرم خلیق ہونا۔ اخوان جمع ہے۔ اَخٌ کی بھائی۔ اس کی جمع اخوۃ بھی آتی ہے۔ اُخت بہن جمع اخوات۔ من کتم الخ مبتدا۔ سرہ مفعول بہ۔ کتم کا ازضرب بلغ الخ خبر۔ مرادہ مفعول بہ۔ کتم ازضرب۔ مصدر کتمانا چھپانا۔ سِرّ۔ بھید جمع اس کی اَسْرَار۔ ازنصر مصدر سرورا۔ خوش کرنا۔ سُرَّ سرورا۔ خوش ہونا۔ بھید کی بات جاننے سے خوشی حاصل ہوتی ہے۔ بلغ ازنصر مصدر بلوغا بمعنی وصول۔ من احب الخ۔ مبتدا۔ اکثر الخ خبر۔ احبّ۔ حباب سے محبت کرنا۔ اصل میں احبب تھا۔ بقاعدۂ ادغام۔ ادغام ہوا۔ مادہ حبب مضاعف۔ ثلاثی مجرد ازضرب بمعنی وہی ہے۔ ذکرہ ازنصر مصدر ذکرا یاد کرنا وبمعنی ذکر کرنا بھی۔ من وقّر الخ مبتدا۔ اباہ مفعول بہ۔ طالت الخ خبر وقّر۔ توقیر سے تعظیم کرنا۔ آب۔ باپ۔ جمع آباء۔ ایام جمع ہے یوم کی۔ دن اور مطلق وقت۔ من طال الخ مبتدا۔ فقد الخ خبر۔ احبتہ۔ مفعول بہ۔ عمر۔ حیات جمع اس کی اَعْمَار۔ احبۃ جمع ہے حبیب کی۔ دوست۔ فقد۔ ازضرب۔ مصدر فقدا۔ گم کرنا۔ تعاشروا۔ الخ۔ کالاخوان۔ کاف بمعنی مثل۔ مضاف۔ اخوان کی طرف۔ دونوں مل کر مفعول۔ تعاشروا کا یا تواس کے ضمیر سے حال جملہ ہوکر معطوف علیہ۔ اسی طرح جملۂ ثانیہ معطوفہ۔ تعاشروا۔ امر حاضر بروزن تقابلوا۔ مصدر تعاشر۔ زندگانی کرنا تعاملوا۔ امر حاضر۔ مصدر تعامل۔ معاملہ کرنا۔ الاجانب جمع ہے اجنبی کی۔ بیگانہ۔ خیر المال۔ مبتدا۔ ما وقی۔ موصول باصلہ خبر۔ وقی ماضی مجہول۔ ازضرب مصدر۔ وقایۃ نگاہ رکھنا۔ العرض۔ بالکسر۔ آبرو۔ جمع اعراض۔ جرح الکلام۔ مبتدا اشد۔ خبر۔ من متعلق اشد ہے۔ جرح زخم۔ ازسمع۔ مصدر جرحا۔ زخم کرنا وہونا۔ جمع اس کی جُرُوح۔ السہام۔ جمع ہے سہم کی۔ تیر۔ وحدۃ المرء مبتدا۔ خیر۔ خبر۔ من متعلق خیر ہے۔ جلیس۔ ہمنشین۔ جمع اس کی جلساء وجلاس ازضرب۔ مصدر جلوسا۔ بیٹھنا۔ السوء۔ اسم مصدر۔ بدی۔ جمع اس کی اسواء۔ شر الناس مبتدا۔ العالم موصوف۔ لاینفع۔ صفت دونوں مل کر خبر۔ شر۔ برا۔ جمع اشرار۔ عالم۔ جمع علماء۔ شخص۔ موصوف۔ بلاادب۔ صفت۔ تقدیر عبارت شخص یکون بلاادب۔ دونوں مل کر مبتدا۔ کجسد۔ کاف بمعنی مثل۔ مضاف۔ جسد۔ موصوف۔ بلاروح متعلق کے ساتھ مل کر صفت تقدیر عبارت۔ کجسد یکون بلاروح۔ سب مل کر خبر۔ شخص۔ ذات جمع اشخاص۔ جسد جسم۔ جمع اس کی اجساد۔ روح۔ جان۔ جمع ارواح

يُصْبَرُ عَلَى نَقْلِ الْجِبَالِ لِأَجْلِ الْمَالِ ‏ عِلْمٌ بِلَا عَمَلٍ كَحِمْلٍ عَلَى جَمَلٍ ‏ سَلِ الْمُجَرِّبَ وَلَا تَسْئَلِ الْحَكِيْمَ ‏ لَيْسَ مِنْ عَادَةِ الْكِرَامِ سُرْعَةُ الْإِنْتِقَامِ ‏ مَنْ طَمِعَ فِي الْكُلِّ فَاتَهُ الْكُلُّ ‏ تَاجُ الْمَلِكِ عَفَافُهُ وَحِصْنُهُ إِنْصَافُهُ ‏ سُلْطَانٌ بِلَا عَدْلٍ كَنَهْرٍ بِلَا مَاءٍ ‏ مَنْ نَقَلَ إِلَيْكَ فَقَدْ نَقَلَ عَنْكَ ‏ خُذْهُ بِالْمَوْتِ حَتّٰى يَرْضٰى بِالْحُمّٰى۔

تحقیق وترکیب :۔ عجوزۃ۔ بڑھیا عورت۔ عارضتنی۔ پیش آمدن درراہ۔ فیک۔ خبر مقدم۔ حاجۃ۔ مبتدا مؤخر۔ فسرت ازضرب، اثر با آثان ومعنی پیچھے۔ جمع اس کی آثار آثور، بی با، واسطے تعدیہ کے صائغ۔ سنار۔ جمع صاغۃ صوّاغ صیّاغ۔ مثل ہذا نصب بفعل مقدر ای اصنع بی مثل ہذا۔ فبقیت ازسمع۔ مبہوتا حال۔ بقیت کے ضمیر سے فعل سمع سے آتا ہے۔ متحیر ہونا۔ الصائغ مفعول بہ سألت کا فقال ای الصائغ ہذہ۔ مبتدا۔ عجوزۃ موصوف۔ ارادت الخ صفت موصوف باصفت۔ خبر۔ ان اعمل الخ مفعول ارادت کا۔ صورۃ شیطان مفعول بہ اعمل کا صورۃ کی جمع صور۔ شیطان کی جمع شیاطین۔ ما ادری واحد متکلم ازضرب درایۃ جاننا۔ صورتہ ای الشیطان بک با واسطے تعدیہ کے مثل۔ مثل ہذا مفعول بہ اعمل فعل مقدر کا فخجلت۔ ازسمع شرمندہ ہونا۔ (حکایۃ) ابودلامہ مضاف بامضاف الیہ موصوف الشاعر صفت۔ المہدی لقب محمد بن منصور کے والد ہارون رشید کا خلفاء عباسیہ سے یوما ظرف دخل کا علیہ ای علی المہدی۔ ارخی ازارخاء لٹکانا عیونہ جمع ہے عین کی آنکھ بالبکاء بالمد آواز کے ساتھ رونا وبالقصر بغیر آواز کے رونا ازضرب مالک ما استفہامیہ۔ ام دلامۃ فاعل ہے ماتت کا بی بی شاعر کی۔ انا للہ ضمیر متکلم اسم ان للہ مع شبہ فعل محذوف کے خبر ان الیہ متعلق ہے راجعون کے ساتھ لہ ای للمہدی۔ رقۃ فاعل ہے دخلت کا بمعنی رحمت، مہربانی ازضرب لما لام جارہ من جزعہ بیان ہے۔ ما کا جزع بمعنی بیقراری۔ عظم اللہ۔ تعظیم سے جملہ دعائیہ اجرک۔ مفعول بہ جمع اس کی اجور۔ الف۔ ہزار جمع آلاف۔ الوف۔ استعن امر از استعانۃ۔ مدد طلب کرنا۔ مصیبتک۔ جمع مصائب۔ فاخذہا ای ابودلامۃ الدراہم۔ لہ ای للمہدی وانصرف ای ابودلامۃ۔ منزلہ جمع منازل۔ اذہبی۔ امر حاضر واحد مؤنث فاستأذنی امر مونث حاضر از استیذان۔ اذن طلب کرنا۔ الخیزران مہدی کی ماں (باقی صفحہ ۵۳)

وَقُولِي مَاتَ اَبُو دُلَامَةَ فَمَضَتْ وَاسْتَأْذَنَتْ عَلَى الْخَيْزُرَانِ فَأَذِنَتْ لَهَا فَلَمَّا اطْمَأَنَّتْ اَرْسَلَتْ عَيْنَهَا بِالْبُكَاءِ قَالَتْ لَهَا مَالَكِ قَالَتْ مَاتَ اَبُو دُلَامَةَ. فَقَالَتْ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ عَظَّمَ اللّٰهُ اَجْرَكِ وَتَوَجَّعَتْ لَهَا ثُمَّ اَمَرَتْ لَهَا بِأَلْفَيْ دِرْهَمٍ فَدَعَتْ لَهَا وَانْصَرَفَتْ فَلَمْ يَلْبَثِ الْمَهْدِيُّ اَنْ دَخَلَ عَلَى الْخَيْزُرَانِ فَقَالَتْ يَا سَيِّدِي اَمَا عَلِمْتَ اَنَّ اَبَا دُلَامَةَ مَاتَ قَالَ لَا يَا حَبِيْبَتِي اِنَّمَا هِيَ امْرَأَتُهُ اُمُّ دُلَامَةَ قَالَتْ لَا وَاللّٰهِ اِلَّا اَبُو دُلَامَةَ فَقَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ خَرَجَ مِنْ عِنْدِي السَّاعَةَ فَقَالَتْ وَخَرَجَتْ مِنْ عِنْدِي السَّاعَةَ وَاَخْبَرَتْهُ بِخَبَرِهَا وَبُكَائِهَا فَضَحِكَ وَتَعَجَّبَ مِنْ حِيَلِهِمَا ۔ حِكَايَةٌ : قِيْلَ اِنَّ اَبَا دُلَامَةَ الشَّاعِرَ كَانَ وَاقِفًا بَيْنَ يَدَيِ السَّفَّاحِ

بقیہ ص۵۲ :- جاریۃ المہدی - مضاف مضاف الیہ بدل - فَبْکای امر مؤنث حاضر تفاعل سے بتکلف رونا۔
صفحہ ہٰذا - تحقیق وترکیب :- واستأذنت ای ام دلامۃ فاذنت ای الخیزران - لہا ای لام دلامۃ - اطمأنت بروزن اقشعرت - آرام اور قرار پکڑنا۔ اصل میں اطمأننت تھا نون اول کی حرکت ماقبل میں دیکر ادغام کیا - قالت ای الخیزران مالک - ما استفہامیہ - قالت ای ام دلامۃ توجعت واحد مؤنث غائب از توجع بمعنی دردمند ہونا - لہا ای ابودلامۃ - الفی تثنیہ الف کا - دراہم جمع اس کی دراہم - فدعت ای ام دلامۃ - لہا ای للخیزران وانصرفت از انصراف واپس ہونا - فلم یلبث ازسمع لبث بفتح لام دیرکرنا فتح خلاف قیاس ہے کیونکہ سمع کے مصادر میں حرکت اصل ہے فتح کے ساتھ خاص نہیں - ان دخل - ان مصدریہ یا فی محذوف ہے - بعضوں نے کہاکہ ان بمعنی حتی جارہ ہے - فقالت ای الخیزران - اما علمت - ہمزہ استفہامیہ ما نافیہ - اباد لامۃ اسم ان مات الخ خبران قال ای المہدی - انما ہی امرأتہ - ترجمہ :- سوا اسکے نہیں ہے کہ مری ابودلامہ کی عورت - ہی مبتدا - امرأتہ مبدل منہ ام دلامۃ دونوں مل کر خبر لا واللہ واؤ قسمیہ ای لم تمت - ام دلامۃ - واللہ الامات ابودلامۃ سبحان اللہ مفعول مطلق فعل محذوف کا ای سبحت اللہ سبحانا" خرج ای ابودلامۃ من عندی الساعۃ - ظرف خرج کا - فقالت ای الخیزران - وخرجت ای ام دلامۃ - واخبرتہ ای الخیزران المہدی بخبرہا ای خبرام دلامۃ وبکائہا - فضحک ای المہدی - حیلہما جمع ہے حیلہ کی - (حکایۃ) ان ابادلامۃ الشاعر موصوف باصفت اسم ان - کان واقفا الخ - خبران - ضمیر مستتر اسم کان واقفا خبرکان یدی السفاح - دویاء اور تخفیف کے ساتھ اصل میں یدین تھا نون تثنیہ بوجہ اضافت کے گرگیا اوریا کو کسرہ دیا - کیونکہ ساکن کو جب حرکت دی جائے تو کسرہ دینا اصل ہے سفاح - فاء کے تشدید کے ساتھ - لقب عبداللہ بن محمد بن عبداللہ بن عباس کا دولت بنی امیہ کو برباد کرنے والا اور خلفائے عباسیہ میں سے سخی وسخت سفاح کے معنی بہت خون کرنے والا و بمعنی فصیح اور توانگر ۔۱۲

فِي بَعْضِ الْأَيَّامِ فَقَالَ لَهُ سَلْنِي حَاجَتَكَ فَقَالَ لَهُ
أَبُو دُلَامَةَ أُرِيْدُ كَلْبَ صَيْدٍ فَقَالَ أَعْطُوْهُ إِيَّاهُ فَقَالَ
وَأُرِيْدُ دَابَّةً أَتَصَيَّدُ عَلَيْهَا قَالَ أَعْطُوْهُ إِيَّاهَا قَالَ
وَغُلَامًا يَقُوْدُ الْكَلْبَ وَيَصِيْدُ بِهٖ فَقَالَ وَأَعْطُوْهُ غُلَامًا
قَالَ وَجَارِيَةً تُصْلِحُ الصَّيْدَ وَتُطْعِمُنَا مِنْهُ قَالَ أَعْطُوْهُ
جَارِيَةً قَالَ هٰؤُلَاءِ يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَا بُدَّ لَهُمْ

تحقیق وترکیب:- الایام جمع ہے یوم کی۔ فقال ای السفاح لہ ای لابی دلامۃ۔ سلنی۔ امر سال سے حاجتک۔ مفعول بہ۔ لہ ای للسفاح۔ ابودلامۃ فاعل قال کا کلب صید کلب کی جمع کلاب آتی ہے بمعنے کتا۔ صید ازضرب فقال ای السفاح اعطوہ امر کا۔ جمع افعال سے اصل میں اعطیوا تھا۔ ۃ مفعول اول۔ ایاہ مفعول دوم۔ فقال ای ابودلامۃ۔ دابۃ۔ موصوف۔ اتصید الخ صفت۔ صیغہ واحد متکلم تفعل سے تصید بمعنی شکار کرنا ایاہا۔ ای الدابۃ۔ غلاما ای ارید غلاما۔ غلاما موصوف۔ یقود الکلب الخ صفت مضارع غائب از نصر اصل میں یقوُدُ تھا۔ قود بمعنے سامنے کھینچنا۔ ویصید ازضرب بہ ای بالکلب وجاریۃ ای ارید۔ جاریۃ لونڈی جمع اس کی جواری۔ تصلح۔ واحد مؤنث غائب از اصلاح بمعنی درست کرنا۔ یہاں پر مراد صید کو بھوننا جملہ مل کر صفت۔ جاریۃ کی تطعمنا۔ ای الجاریۃ۔ منہ۔ ای من الصید ہؤلاء مبتدا یا امیر المومنین ندا با منادیٰ جملہ معترضہ۔ لابد لہم لفظ لابد دو معنوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ ایک بمعنی لامفارقت کے دوم بمعنے وجب اور لزم کے لیکن لامفارقۃ اس کے اصلی اور حقیقی معنی ہیں۔ اور لاوجب اس کے اصلی معنی کے لئے لازم ہے لزوم کی وجہ یہ ہے کہ لفظ بد ماخوذ ہے۔ بدالامر وتبدد اذا فرق وتفرق وجار الخیل وبدداً ای متفرقہ سے پس جبکہ اس لفظ پر حرف نفی داخل کیا جاتا ہے تو تفرق کی نفی ہوجاتی ہے اور نفی تفرق کے لئے وجوب لازم ہے۔ اس لئے کہ جب درمیان شیئین کے مفارقت کی نفی ہوجائے۔ تو ان میں عرفاً تلازم ثابت ہوجاتا ہے اگرچہ عقلاً نہ ہو۔ اسی وجہ سے اس کی تفسیر وجب اور لزم کے ساتھ کی جاتی ہے جو ان کے معنیٰ حقیقی کے لئے معنیٰ لازمی ہے۔ اور اس کی ترکیب میں نحاۃ سے دو قول منقول ہیں۔ سیبویہ کے نزدیک اگرچہ یہ لفظ مرکب ہے حرف نفی اور بد سے لیکن شدت اتصال کی وجہ سے مثل مفرد کے ہوگیا۔ جیسے حبذا لہٰذا سیبویہ اس کو مبتدا قرار دیتا ہے۔ مابعد اس کے جو عبارت ہوگی وہ اس کے لئے خبر ہوگی۔ چنانچہ حبذا زید میں بھی یہی ترکیب بعض نحاۃ سے منقول ہے۔ حبذا مبتدا ہے اور زید خبر ہے اور جمہور کے نزدیک لابد میں لا نفی جنس کا ہے اور بد بسبب نکرہ ہونے کے مبنی علی الفتح ہے۔ یہ اس کا اسم ہے اور خبر اس کی اکثر محذوف رہا کرتی ہے (باقی بر ص ۵۵)

مِنۡ دَارٍ يَسۡكُنُونَهَا فَقَالَ اَعۡطُوۡهُ دَارًا تَجۡمَعُهُمۡ قَالَ وَ اِنۡ لَمۡ تَكُنۡ لَهُمۡ ضَيۡعَةٌ فَمِنۡ اَيۡنَ يَعِيۡشُوۡنَ قَالَ قَدۡ اَقۡطَعۡتُكَ عَشۡرَ ضِيَاعٍ عَامِرَةٍ وَ عَشۡرَ ضِيَاعٍ غَامِرَةٍ قَالَ وَمَا الۡغَامِرَةُ يَا اَمِيۡرَ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ قَالَ مَالَا نَبَاتَ فِيۡهَا قَالَ قَدۡ اَقۡطَعۡتُكَ يَا اَمِيۡرَ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ مِائَةَ ضَيۡعَةٍ غَامِرَةٍ مِنۡ فَيَافِيۡ بَنِيۡ اَسَدٍ فَضَحِكَ مِنۡهُ وَقَالَ اجۡعَلُوۡهَا كُلَّهَا عَامِرَةً

بقیہ صفحہ گذشتہ :- اور کبھی مذکور چنانچہ قول مذکور میں خبر اس کی مذکور ہے یعنی لہم اور بعض نحاۃ کے نزدیک قول مذکور میں - لا کا اسم - شبہ مضاف ہے یعنی بد اور لہم اس کی خبر نہیں بلکہ یہ بد کے متعلق ہے اور خبر محذوف ہے یعنی موجود لیکن اس بعض پر یہ اشکال وارد ہوتا ہے کہ جب اسم اس کا قول مذکور میں شبہ مضاف ہے حقیقی مضاف نہیں - تو اسم منون ہونا چاہیئے - جس طرح کہ یاطالعاً جبلاً میں طالعاً شبہ مضاف ہے اور منون ہے اس اشکال کا جواب یہ ہے کہ اس کو حقیقی مضاف پر حمل کرلیا ہے - حاصل کلام یہ ہے کہ جن کے نزدیک قول مذکور میں لَا کا اسم مبنی علے الفتح ہے ان کے نزدیک لہم ظرف مستقر ہو کر خبر ہے اور جن کے نزدیک یہ شبہ مضاف ہے ان کے نزدیک لہم ظرف لغو ہے یعنی بد کے متعلق ہے اور خبر اس کی محذوف ہے - یعنی موجود کما سبق ۔

صفحہ ھذا - تحقیق و ترکیب :- دار موصوف یسکنونہا جملہ صفت دار کی - داراً موصوف تجمعہم جملہ صفت - قال ابو دلامۃ لہم خبر کان ضیعۃٌ اسم کان بمعنی زمین جس میں غلہ وغیرہ بکثرت ہوتا ہے جمع اس کی ضیاع - ضیعات آین استفہامیہ - یعیشون از ضرب - اقطعتک - صیغہ واحد متکلم از اقطاع بمعنی کسی کو زمین کا ٹکڑا یا حصہ بخشش کرنا - ضیاع جمع ہے ضیعۃ کی - موصوف - عامرۃ صفت - بمعنی معمورۃ یعنی آباد زمین از نصر عمر بمعنی آباد کرنا - غامرۃ بمعنی مغمورۃ بمعنی زمین غیر آباد - غمر بمعنی ڈھانپنا پانی سے زمین کو - وما الغامرۃ ما استفہامیہ - مالانبات ما نافیہ نبات اسم لا فیہا خبر لا یعنی الارض الغامرۃ مالانبات فیہا - فیافی جمع ہے فیفاء کی بمعنے میدان کشادہ بے آب - بنی اسد ایک قبیلہ ہے قبائل عرب میں سے فضحک ای السفاح اجعلوہا ہا موکد - کلہا - تاکید دونوں مل کر مفعول اول - عامرۃ - مفعول ثانی اجعلوہا کا ۱۲

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلیس اردو ترجمہ

مفید الطالبین

(از)

مولانا محمد اسلام قاسمی

باھتمام

نسیم احمد صدیقی

ناشر: مکتبہ دانش دیوبند ضلع سہارنپور (یوپی)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خدائے تعالیٰ کی حمد بیان کرتا ہوں اور درود بھیجتا ہوں حضور انام صلی اللہ علیہ وسلم پر۔ حمد وصلوٰۃ کے بعد! یہ رسالہ جس کا نام مفید الطالبین ہے۔ دو باب پر مشتمل ہے۔ پہلا باب کہاوتوں اور نصیحتوں کے بیان میں۔ اور دوسرا باب حکایات اور روایات کے بیان میں میں نے اس کی تالیف عربی کے ابتدائی طالب علموں کے لئے کی ہے۔ خدا سے درخواست ہے کہ ان طلبہ کو اس میں نفع پہنچائے، وہی میرے لئے کافی ہے اور بہترین کارساز ہے۔

پہلا باب
کہاوتوں اور نصیحتوں کے بیان میں

سب سے پہلے انسان سب سے پہلے بھولنے والا ہے۔ علم کی مصیبت بھول جانا ہے۔ جہالت زندہ لوگوں کی موت ہے۔ لوگ جس چیز کو نہیں جانتے اس کے دشمن ہیں۔ عقلمند کے لئے اشارہ کافی ہے۔ خود پسندی دانائی کی مصیبت ہے۔ جب عقل پوری ہو جائے کلام کم ہو جاتا ہے۔ ادب لوگوں کے لئے ڈھال ہے۔ لالچ ذلت کی کنجی ہے۔ قناعت آرام کی کنجی ہے۔ صبر کشادگی کی چابی ہے۔ نقد ادھار سے بہتر ہے۔ جاہل اپنے آپ سے خوش رہتا ہے۔ وہ شخص خوش قسمت ہے جو اپنے غیر سے نصیحت حاصل کرے۔ لوگ لباس سے پہچانے جاتے ہیں۔ لوگ اپنے بادشاہوں کے طور طریقے پر چلتے ہیں۔ قرض محبت کی قینچی ہے۔ آرزوئیں بصیرت کی آنکھوں کو اندھا کر دیتی ہیں۔ بردباری بہترین عادت ہے۔ پرہیز ہر مرض کی دوا ہے۔ آدمی اپنے اوپر قیاس کرتا ہے (دوسروں کو) ہر جنس اپنی جنس کی طرف لوٹتی ہے۔ شریف جب وعدہ کرے تو اسے پورا کرتا ہے حکمت (دانائی) شریف آدمی کی شرافت کو زیادہ کرتی ہے۔ دنیا وسیلے سے ملتی ہے نہ کہ بلند مرتبے سے۔ دنیا آخرت کی کھیتی ہے۔ انسان اس چیز کا حریص ہوتا ہے جس سے روکا جائے۔ انسان احسان کا غلام ہوتا ہے۔ سچائی نجات دلاتی ہے۔ اور جھوٹ ہلاک کرتا ہے۔ احسان (بھلائی) کرو جیسا کہ اللہ نے تمہارے ساتھ کیا ہے۔ جب تمہارا ادب ختم ہو جائے تو خاموشی اختیار کرو۔ جب تمہاری حیا ختم ہو جائے تو جو چاہے کرو۔ زندگی دیواروں اور پودوں کے سائے کی طرح ہے۔ تنگدست عقلمند خوشحال جاہل سے بہتر ہے۔ علم نحو کلام میں ایسا ہی ہے جیسے کھانے میں نمک۔ بیشک مصیبت بولنے پر آتی ہے۔ لوگوں میں سب سے زیادہ بصیرت والا وہ ہے جو

اپنے عیوب پر نظر رکھے - غصہ کی ابتدا دیوانگی اور اس کی انتہا شرمندگی ہے - جب آدمی کا مال کم ہو جائے اس کے دوست کم ہو جاتے ہیں - رعایا کی اصلاح زیادہ مفید ہے لشکر کی زیادتی سے - جاہل اپنے آپ کا دشمن ہے تو وہ کسی غیر کا دوست کیسے ہو سکتا ہے - جاہل مال طلب کرتا ہے اور عقلمند کمال طلب کرتا ہے - جب کلام سننے میں مکرر ہو جائے (یعنی جب کسی بات کو بار بار سنا جائے) تو دل میں نقش ہو جاتا ہے - حسد لوہے کے زنگ کی مانند ہے اس وقت تک اس کے ساتھ لگا رہتا ہے جب تک اسے نہ کھالے - تھوڑی مقدار (میں مال) تدبیر کے ساتھ بہتر ہے اس سے کہ زیادہ ہو اور فضول خرچی کے ساتھ ہو - پڑوسی کو گھر سے پہلے تلاش کرو اور راستہ سے پہلے (سفر کے) ساتھی کو - ذلیل آدمی جب ترقی پائے تکبر کرتا ہے اور اگر حاکم ہو جائے تو ظلم کرتا ہے - بیکار رہنا مردوں کی حالت ہے اور مشغول رہنا زندوں کی حالت میں سے ہے - سچا دوست وہ ہے جو تمہاری خیر خواہی کرے تمہاری غیر موجودگی میں اور تم کو اپنے آپ پر ترجیح دے - سب سے بہترین وہ شخص ہے جو اپنے عیوب پر نظر رکھے اور دوسروں کے عیوب سے اندھا ہو - بخل اور جہالت انکساری کے ساتھ اچھا ہے اس علم اور سخاوت سے جو تکبر کے ساتھ ہو -

سب سے نادان وہ شخص ہے جو نیکی سے روکے اور شکر کا طلبگار رہے اور برائی کرے اور بھلائی کی امید رکھے - بھلائی کی جانب رہنمائی کرنے والا بھلائی کرنے والے کی طرح ہے - قلم ایک درخت ہے جس کے پھل معانی ہیں - جیسا معاملہ کرو گے ویسا ہی تمہارے ساتھ کیا جائے گا - جس نے صبر کیا کامیاب ہوا - جو دوسروں پر ہنسا اس پر بھی ہنسا جائے گا - جس نے کوشش کی وہ پائے گا (اپنا مقصد) جلد بازی کا نتیجہ ندامت ہے - قوم کا سردار ان کی خدمت کرنے والا ہوتا ہے - کاموں میں بہترین اوسط حصہ ہوتا ہے - ہر نئی چیز لذیذ ہوتی ہے - اگلے کے قصے بعد والوں کے لئے نصیحت ہوتے ہیں - دانائی کی اصل خدا کا خوف ہے - ملاقات کرو ناغہ کر کے تو زیادہ محبوب ہو جاؤ گے - خبر مشاہدہ کے درجہ میں نہیں ہوتی - گھوڑ دوڑ کے وقت آگے نکلنے والے گھوڑے پہچانے جاتے ہیں - کسی چیز کی محبت اندھا اور بہرا بنا دیتی ہے - جو جھوٹ بولتا ہے اس کی سزا یہ ہے کہ اس کی بات نہیں مانی جاتی - سب سے بہتر وہ انسان ہے جو دوسرے لوگوں کو نفع پہنچائے - جو رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا - جو قناعت نہیں کرتا وہ آسودہ نہیں ہوتا - جو زیادہ سوئے وہ مقصد سے محروم رہتا ہے - دنیا سے محبت ہی تمام گناہوں کی جڑ ہے - زیادہ تجربہ عقل بڑھاتا ہے - عمل سے ہی بہتر بدلہ ملتا ہے نہ کہ سستی سے - جو اپنی زبان کی حفاظت کرے اسے ندامت بھی کم ہوتی ہے - ہر برتن سے وہ چیز ٹپکتی ہے جو اس میں ہوتی ہے - جس کی سچائی کم ہو گی اس کے دوست بھی کم ہوں گے - جو زیادہ بولے اس کی غلطیاں بھی زیادہ ہوں گی - جس شخص کی ہنسی زیادہ ہو گی اس کا رعب ختم ہو جائے گا - تیرا اپنے کمال پر فخر کرنا زیادہ بہتر ہے اپنی نسبت پر فخر کرنے سے - جس نے اپنی بھلائی کا احسان جتلایا اس نے اسے برباد کیا - جس کی حیا کم ہو اس کے گناہ زیادہ ہوں گے - جس کے اخلاق اچھے ہوں اسکے بھائی (خیر خواہ) زیادہ ہوتے ہیں - جس نے اپنا راز چھپایا اپنی مراد پائی - جو شخص کسی چیز سے محبت کرے اس کا ذکر زیادہ کرتا ہے - جو اپنے باپ کی تعظیم کرے اس کی عمر لمبی ہو گی - جس کی عمر لمبی ہو گی اس کے دوست ختم ہو جائیں گے - بھائیوں کی طرح رہو اور اجنبیوں کی طرح معاملہ کرو - بہتر مال وہ ہے جس سے عزت محفوظ رہے - بات کا زخم زیادہ

سخت ہوتا ہے تیر کے زخم سے ۔ آدمی کی تنہائی بہتر ہے بُرے ساتھی سے ۔ لوگوں میں سب سے بُرا وہ عالم ہے جو اپنے علم سے نفع نہ پہنچائے ۔ جو شخص بے ادب ہو وہ ایسا ہی ہے جیسے جسم بغیر روح کے ۔ مال کے لئے پہاڑوں کو منتقل کرنے پر صبر کیا جاتا ہے ۔ علم بلا عمل ایسا ہے جیسے اونٹ کے اوپر بوجھ ۔ تجربہ کاری معلوم کرو عقلمند سے مت پوچھو ۔ جلد بدلہ لینا شریفوں کی عادت نہیں ہے ۔ جس نے کل حاصل کرنے کا لالچ کیا اس سے کل فوت ہوجائیگا ۔ بادشاہ کا تاج اس کی پاک دامنی اور اس کا قلعہ اس کا انصاف ہے ۔ غیر منصف بادشاہ بغیر پانی کی نہر کے مانند ہے جو تم سے دوسروں کی باتیں نقل کرے وہ تمہاری بھی باتیں نقل کرے گا ۔ اسے موت کے ساتھ پکڑو تاکہ وہ بخار پر راضی ہو جائے ۔ آدمی کسی سوراخ سے دوبار نہیں ڈسا جا سکتا ۔ جس نے اپنا راز چھپایا اختیار اس کے ہاتھ میں رہا ۔ جس نے تواضع کی اس کی تعظیم ہوگی اور جو اپنے کو بڑا سمجھے اس کی ذلت ہوگی ۔ جو چپ رہا وہ محفوظ رہا اور جو محفوظ رہا اس نے نجات پائی ۔ جو اپنے بھائی کے لئے کنواں کھودے وہ خود اس میں گرے گا ۔ تمہارے لئے حاسد کی طرف سے یہی کافی ہے کہ وہ تمہاری خوشی کے وقت غمگین ہوتا ہے ۔ مروّت کی انتہا یہ ہے کہ انسان اپنے آپ سے حیا کرے ۔ جو لوگوں سے مصالحت کرے اسے سلامتی کا فائدہ پہنچے گا ۔ اور جو لوگوں پر زیادتی کرے اسے شرمندگی اٹھانی پڑے گی ۔ تین چیزیں ایسی ہیں کہ ان کا تھوڑا سا حصہ بھی بہت ہوتا ہے ۔ بیماری ، آگ اور دشمنی ۔ جس کی خوراک کم ہو اس کا پیٹ ٹھیک رہے گا اور دل صاف رہے گا ۔ بغیر سوچے سمجھے مت کہو اور بغیر تدبیر کے کام مت کرو ۔ تمہارا اپنی کمائی پر صبر کرنا بہتر ہے ساتھیوں کے پاس حاجت لے جانے سے ۔ اپنے آپ کو انسانوں میں شمار مت کرو جب تک غصہ غالب رہے ۔ بیوقوف کا دل اس کے منہ میں ہوتا ہے اور عقلمند کی زبان اس کے دل میں ہوتی ہے ۔ لوگوں میں اچھا شخص وہ ہے کہ جس کے ہاتھ اور زبان سے لوگ محفوظ رہیں ۔ جاہل کی زبان اس کی مالک ہوتی ہے اور عقلمند کی زبان اس کی تابع ہوتی ہے ۔ بہتر کلام وہ ہے جو مختصر ہو اور دلالت کرے (زیادہ مفہوم پر) جو شخص نامناسب بات کہے وہ ناگوار بات سنے گا ۔ جسم کی تندرستی کم خوراکی میں ہے اور روح کی تندرستی گناہوں سے پرہیز کرنے میں ہے ۔ بہتر بھلائی وہ ہے کہ جس سے پہلے ٹال مٹول نہ ہو اور بعد میں احسان نہ جتایا گیا ہو ۔ تم ان لوگوں میں سے مت ہو جو ظاہر میں ابلیس پر لعنت کریں اور باطن میں اس سے دوستی کریں ۔ جو شخص اپنی موجودہ حالت کے علاوہ کوئی لباس اختیار کرتا ہے تو امتحان اس کے دعوے کو رسوا کر دیتا ہے ۔ دل بنائے گئے ہیں ایسے شخص سے محبت کرنے پر جو ان کے ساتھ احسان کرے اور اس شخص سے بغض رکھنے پر جو اس کے ساتھ بُرائی کا سلوک کرے ۔

تین قسم کے لوگ ۔ تین قسم کے لوگوں سے فائدہ نہیں اٹھاتے ، شریف آدمی کمینہ سے اور نیک آدمی بدکار سے اور عقلمند جاہل سے ۔ انسان کی دوراندیشی یہ ہے کہ وہ کسی کو دھوکہ نہ دے اور اس کا کمال عقل یہ ہے اس کو کوئی دھوکہ نہ دے ۔ لقمان نے اپنے بیٹے سے کہا ، اے میرے بیٹے دل کھیتیاں ہیں ان میں بہترین بات کی کھیتی کرو ۔ اگر تمام باتیں نہ اگیں تو بعض تو اگ جائیں گی ۔ کام میں جلدی مت کرو ، اس کی عمدگی چاہو اسلئے کہ لوگ یہ نہیں پوچھتے کہ کتنے دنوں میں ختم ہوا ۔ بلکہ لوگ تو کام کی پختگی اور حسن کارکردگی کو دیکھتے ہیں ۔ کام کو اس کے وقت سے ہرگز نہ ٹالو کیونکہ جس وقت پر ٹالو گے اسمیں بھی دوسرا کام ہوگا اور تم قابو نہیں پاؤ گے کام کے بھیڑ کی وجہ سے اس لئے کہ جب کام زیادہ ہوں گے اس میں خلل واقع ہوگا ۔ چھ قسم کے لوگ ایسے ہیں جن سے غم دور نہیں ہوتے :۔

(۱) کینہ پرور (۲) حاسد (۳) وہ محتاج جو ماضی قریب میں مالدار تھا۔ (۴) وہ مالدار جو فقر و فاقہ سے ڈرتا ہو
(۵) ایسے مرتبہ کا طلبگار جس سے اس کی قدر کم ہو (۶) ادب والوں کی مجلس کا ساتھی جبکہ وہ ان میں سے
نہ ہو۔ حسن سلوک محبت پیدا کرتا ہے اور بد اخلاقی دوری واجب کرتی ہے۔ اور خوش مزاجی انسیت پیدا
کرتی ہے۔ اور تنگ دلی وحشت لاتی ہے۔ اور تکبر کینہ واجب کرتا ہے۔ اور سخاوت تعریف واجب
کرتی ہے۔ اور بخل مذمت ثابت کرتا ہے۔ کسی حکیم نے کہا ہے کہ بھلائی احسان سے پہلے کمال ہے اور احسان کے
بعد تلافی (بدلہ) ہے۔ اور برائی کے بعد احسان کرنا سخاوت ہے۔ اور برائی کرنا برائی سے پہلے ظلم ہے اور برائی کے
بعد بدلہ ہے۔ اور احسان کے بدلہ میں تو کینہ پن ہے۔ تین قسم کے لوگ تین موقعوں پر پہچانے جاتے ہیں۔ بہادر لڑائی
کے وقت ہی پہچانا جاتا ہے۔ اور بردبار غصہ کے وقت ہی پہچانا جاتا ہے۔ اور دوست ضرورت کے وقت ہی پہچانا
جاتا ہے۔ تم ایسی ہی بات کہو جس کا عام ہونا تمہارے لئے اچھا ہو۔ اور تم ایسے ہی کام کرو جو تمہارے اجر
کو ضروری کر دے۔ جو تمہارے اوپر اعتماد نہ کرے اسے نصیحت مت کرو۔ اور ایسے شخص کو مشورہ مت دو
جو مشورہ قبول نہ کرے۔ دولت پر بھروسہ مت کرو۔ کیونکہ وہ ختم ہونے والا سایہ ہے۔ اور نعمت پر اعتماد
مت کرو اس لئے کہ وہ چلا جانے والا مہمان ہے۔ ہر کام اپنے اوقات کے ساتھ موقوف ہوتا ہے۔ جس نے
کہا میں نہیں جانتا ہوں درانحالیکہ وہ سیکھ رہا ہو وہ بہتر ہے اس شخص سے جو جانتا ہے اور برائی کرتا ہے۔ دانا کا کام حکمت
سے خالی نہیں ہوتا۔ کوئی عقل تدبیر کے مانند نہیں ہے۔ اور کوئی تقویٰ نہیں ہے حرام سے رک جانے کے مانند
اور کوئی حسن نہیں ہے خوش اخلاقی کی طرح۔ دل محتاج ہوتے ہیں اپنی خوراک کے جیسا کہ جسم محتاج ہوتے ہیں اپنی
خوراک یعنی کھانے کے۔ تین چیزیں آدمی کو بلندی حاصل کرنے سے روکتی ہیں۔ کم ہمتی اور تدبیر کی کمی اور رائے کی کمزوری
ظالم مردہ ہوتا ہے اگرچہ وہ زندوں کے گھر میں ہو۔ اور بھلائی کرنے والا زندہ ہوتا ہے اگرچہ وہ مردوں کے گھر
میں منتقل ہو جائے۔ مالدار بخیل کی مثال ایسی ہی ہے جیسے گدھے اور خچر جو سونے اور چاندی کا بوجھ اٹھاتے
ہوں اور بھس اور جو کھاتے ہوں۔ چھ چیزیں ایسی ہیں جو پائدار نہیں ہیں۔ بادل کا سایہ۔ بروں کی دوستی۔ اور حرام
مال اور عورتوں کا عشق اور ظالم بادشاہ۔ اور جھوٹی تعریف۔ خوش قسمتی کی حرکت سست ہوتی ہے اور بدبختی
کی حرکت تیز ہوتی ہے۔ اس لئے کہ آگے بڑھنے والا ایسا ہے جیسے زینے پر چڑھ رہا ہو اور پچھڑنے والا (بدبخت)
جیسے کسی اونچی جگہ سے پھینک دیا جائے۔ جو شخص تمہاری ایسی خوبی کی تعریف کرے جو تم میں نہیں ہے جب وہ تم سے
خوش ہے تو وہ تمہاری ایسی برائی بیان کرے گا جو تم میں نہیں ہے۔ جب وہ تم سے ناراض ہو گا۔ جس شخص نے
اپنی زبان درست کرلی اس نے اپنی عقل کو زینت بخشی اور جس نے اپنا کلام درست کرلیا تو اس نے اپنا کمال
ظاہر کیا۔ اور جس نے اپنی بھلائی کا احسان جتایا اس کا شکر ساقط ہو گیا۔ اور جو اپنی بردباری پر خوش ہوا اس
کا اجر بیکار ہو گیا اور جس نے اپنی بات میں سچائی اختیار کی اس نے اپنی خوبصورتی بڑھالی۔

ایک بادشاہ نے اپنے وزیر سے پوچھا کونسی ایسی بہتر چیز ہے جو بندے کو دی گئی ہے۔ اس نے کہا کہ عقل جس سے
زندگی گذارتا ہے۔ بادشاہ نے پوچھا کہ عقل نہ ہو تو! وزیر نے کہا ادب جس سے وہ آراستہ ہو پھر پوچھا کہ اگر وہ بھی
نہ ہو تو؟ وزیر نے جواب دیا مال جو اس کے عیب کو چھپائیگا کہا کہ اگر وہ بھی نہ ہو تب، کہا کہ بجلی ہے جو اسے جلادے

اور شہر کو اور بندوں کو اس سے راحت پہنچادے۔ آٹھ قسم کے لوگ ہیں جو ذلیل کئے جاتے ہیں تو وہ کسی کی ملامت نہیں کرتے سوائے اپنے آپ کے (۱) دستر خوان پر آنے والا جب اسے بلایا نہ گیا ہو (۲) مالک مکان پر اسی کے گھر میں زبردستی کرنے والا (۳) اور دو آدمیوں کی بات میں دخل دینے والا شخص جبکہ ان دونوں نے اسے اپنی بات میں داخل نہ کیا ہو (۴) اور بادشاہ کی تحقیر کرنے والا (۵) اور وہ شخص جو ایسی مجلس میں بیٹھے جس کا وہ اہل نہیں ہے (۶) اپنی بات پر متوجہ کرنے والا کسی ایسے شخص کو جو اس کی بات نہ سنتا ہو (۷) اور اپنے دشمنوں سے بھلائی چاہنے والا (۸) کمینوں سے بھلائی کی امید رکھنے والا۔

دوسرا باب

حکایات اور روایات کے بیان میں

حکایت (۱) ایک ہرن ایک دفعہ پیاسا ہوا تو وہ پانی کے ایک چشمے کے پاس آیا تا کہ پئے۔ اور پانی ایک گہرے کنوئیں میں تھا۔ وہ اس میں اترا۔ پھر جب اس نے نکلنے کا ارادہ کیا تو قادر نہ ہوسکا (نکلنے پر) اس کو ایک لومڑی نے دیکھا تو کہا اے میرے بھائی تو نے اپنے کام میں غلطی کی ہے کیونکہ تم نے اترنے سے پہلے ہی اپنے نکلنے کو نہیں سوچا۔

حکایت (۲) ایک بچہ ایک مرتبہ ٹڈیوں کا شکار کر رہا تھا، اس نے ایک بچھو دیکھا تو اس نے خیال کیا کہ وہ بڑی ٹڈی ہے۔ چنانچہ اس نے اپنا ہاتھ بڑھایا تا کہ اسے پکڑلے پھر اس سے دور ہوگیا تو بچھو نے اس سے کہا کہ اگر تو نے مجھے اپنے ہاتھ میں پکڑلیا ہوتا تو میں تجھ سے ٹڈیوں کا شکار چھڑا دیتا

حکایت (۳) ایک عورت کے پاس ایک مرغی تھی جو ہر دن ایک چاندی کا انڈا دیتی تھی۔ عورت نے اپنے جی میں کہا (سوچا) کہ اگر میں اس کی خوراک زیادہ کردوں تو ہر روز دو انڈے دے گی۔ چنانچہ جب اس نے مرغی کی خوراک بڑھادی تو مرغی کا پوٹا پھٹ گیا۔ وہ مرگئی۔

حکایت (۴) ایک شخص نے ایک مرتبہ لکڑی کا گٹھر لادلیا پس وہ گٹھر بھاری معلوم ہوا۔ جب وہ عاجز ہوگیا اور اس کے بوجھ سے پریشان ہوگیا تو اس نے اپنے کندھے سے اتار پھینکا اور اپنی روح پر موت کی بددعا کی (اتنے میں) ایک شخص یہ کہتا ہوا اس کے سامنے آیا کہ وہ میں ہی ہوں تو نے مجھے کس لئے بلایا ہے تو اس آدمی نے یہ کہا کہ میں نے تجھے اس لئے بلایا ہے لکڑی کے اس گٹھر کو میرے کندھے پر رکھدے۔

حکایت (۵) ایک کچھوے اور ایک خرگوش نے ایک دفعہ دوڑ کی بازی لگائی اور ایک پہاڑ کو آخری حد بنایا تاکہ اس پہاڑ تک پہنچیں، بہرحال خرگوش نے اپنے پر فخر اور ہلکے پھلکے اور تیز رفتار ہونے کی وجہ سے راستہ میں سستی کی اور سوگیا۔ رہا کچھوا تو وہ اپنی اصلیت کے بوجھل ہونے کی وجہ سے کہیں ٹھہرا نہیں اور دوڑنے میں کوئی سستی نہیں کی۔ چنانچہ وہ پہاڑ تک پہنچ گیا۔ جس وقت خرگوش نیند سے بیدار ہوا۔ کچھوے کو اس

حال میں پایا کہ وہ بازی لے جا چکا تھا۔ سو وہ بہت شرمندہ ہوا جبکہ اس کی شرمندگی اس کے لئے فائدہ مند نہیں ہوئی۔

حکایت (۶) ایک کالے آدمی نے ایک دن اپنے کپڑے اتارے اور برف لے کر اپنے جسم پر رگڑنے لگا اس سے کہا گیا کہ تو اپنے بدن کو برف سے کیوں رگڑ رہا ہے۔ اس نے جواب میں کہا کہ شاید میں گورا ہو جاؤں ایک عقلمند آدمی آیا اور اس سے کہا کہ اپنے آپ کو مت تھکاؤ۔ اس لئے کہ ممکن ہے کہ تمہارا جسم برف کو کالا کردے اور برف اپنے کالے پن کو نہ دور کر سکے۔

حکایت (۷) ایک شیر بوڑھا اور کمزور ہو گیا اور جانوروں کے شکار پر قادر نہیں رہا تو اس نے چاہا کہ زندگی گذارنے کے لئے اپنے لئے کوئی حیلہ کرے، سو وہ بیمار بن گیا اور اپنے آپ کو ایک کھوہ میں ڈال دیا اور جب کبھی جانوروں میں سے کوئی اس کے پاس اس کی تیمارداری کے لئے آتا تھا تو اسے کھوہ کے اندر پھاڑ چیر لیتا اور کھا لیتا۔ ایک لومڑی اس کے پاس آئی اور کھوہ کے دروازے پر سلام کر کے کھڑی ہو گئی یہ کہتے ہوئے کہ کیا حال ہے آپ کا اے جنگلی جانوروں کے سردار! تو شیر نے اس سے کہا کہ تو اندر کیوں داخل نہیں ہوتی اے ابوالحصین (لومڑی کی کنیت) لومڑی نے جواب میں کہا اے میرے سردار! بے شک میں نے اس کا ارادہ کیا تھا مگر میں تیرے پاس ایسے قدموں کے بیشمار نشانات دیکھ رہی ہوں جو داخل تو ہوئے لیکن میں نہیں دیکھ رہی ہوں کہ ان میں سے کوئی ایک بھی نکلا ہو۔

حکایت (۸) ایک شیر ایک دفعہ راستے میں ایک آدمی سے ملا تو وہ باتوں ہی میں جھگڑنے لگے۔ اپنی قوت اور طاقت کی زیادتی پر۔ اور شیر اپنی قوت اور طاقت پر مگن تھا (تنے ہیں) اس آدمی نے ایک دیوار پر ایک ایسے شخص کی تصویر دیکھی جو شیر کا گلا گھونٹ رہا تھا۔ وہ ہنس پڑا تو شیر نے اس سے کہا کہ اگر درندے انسان کی مانند تصویر بنانے والے ہوتے تو کوئی انسان کسی درندے کا گلا گھونٹنے پر قادر نہ ہوتا بلکہ معاملہ اس کے برعکس ہوتا۔

حکایت (۹) ایک لڑکے نے اپنے آپ کو پانی کی ایک نہر میں پھینکا (یعنی کودا) اور تیرنا نہیں جانتا تھا چنانچہ وہ ڈوبنے کے قریب ہو گیا تو اس نے مدد چاہی ایک شخص سے جو راستہ میں گذر رہا تھا وہ شخص اس کی طرف متوجہ ہوا اور اسے نہر میں اترنے پر ملامت کرنے لگا۔ بچے نے اس سے کہا کہ اے شخص! پہلے مجھے موت سے چھٹکارا دلاؤ پھر مجھے ملامت کرنا۔

حکایت (۱۰) ایک بلی ایک مرتبہ کسی لوہار کی دوکان میں داخل ہوئی تو اس نے پڑی ہوئی ریتی اٹھائی اور اپنی زبان سے چاٹنے لگی۔ اس سے خون بہنے لگا جسے وہ نگل جاتی اور یہ سوچتی رہی کہ یہ خون ریتی کا ہے یہاں تک کہ اس کی زبان گھس گئی اور وہ مر گئی۔

حکایت (۱۱) ایک لوہار کے پاس ایک کتا تھا۔ وہ کتا برابر سوتا رہتا۔ جب تک کہ لوہار کام میں مشغول رہتا پھر جب لوہار کام ختم کر دیتا اور وہ اور اس کے ساتھی روٹی کھانے کے لئے بیٹھتے تھے تو کتا جاگ پڑتا تھا۔ سو اس سے لوہار نے کہا کہ اے بے حیا کیا وجہ ہے کہ ہتھوڑے کی آواز جو زمین کو ہلا دیتی ہے تجھے نہیں جگاتی اور لقمے کی ہلکی

سی آواز جو سنائی نہیں دیتی تجھے جگا دیتی ہے۔

حکایت (۱۲) سورج اور ہوا آپس میں اس بات پر جھگڑ پڑے کہ کون اس بات پر قادر ہے کہ انسان کو کپڑے سے ننگا کر دے پس تیز ہوا چلی اور بہت ہی تیز چلی اور انسان جب تیز ہوا چلتی تو اپنے کپڑوں کو سمیٹ لیتا تھا اور ان سے ہر طرف سے لپٹ جاتا تھا۔ پھر سورج بلند ہوا نرمی اور آہستگی سے اور گرمی سخت ہو گئی تو انسان نے اپنے کپڑے اتارنے تو سخت گرمی کی وجہ سے اپنے کندھے پر رکھ لئے۔ نتیجۃً سورج ہوا پر غالب آگیا

حکایت (۱۳) ایک شیر، ایک لومڑی اور ایک بھیڑیا ساتھ ہوئے اور شکار کو نکلے۔ ایک گدھا، ایک ہرن اور ایک خرگوش شکار کیا۔ تو شیر نے بھیڑیئے سے کہا کہ ہمارے شکار کو تم آپس میں بانٹ دو بھیڑیئے نے کہا کہ گدھا تمہارے حصہ میں اور خرگوش لومڑی کا اور ہرن میرے لئے تو شیر نے اس کو پنجہ مارا اور اس کی دونوں آنکھیں نکال لیں۔ لومڑی نے کہا خدا غارت کرے بھیڑیئے کو۔ کتنی بیوقوفی کی اس نے تقسیم کرنے میں۔ شیر نے کہا تم ہی آؤ اے ابو معاویہ اور تقسیم کرو۔ لومڑی نے کہا اے ابو الحارث (شیر کی کنیت) معاملہ تو اس سے بھی واضح ہے کیونکہ گدھا تو تمہارے صبح کے کھانے کے لئے ہے اور ہرن تمہارے شام کے کھانے کے لئے اور اس خرگوش سے لذت حاصل کرو (ناشتے کے بطور) شیر نے لومڑی سے کہا کہ خدا تمہیں غارت کرے تم نے یہ فیصلہ کیونکر کیا اور کہاں سے سیکھا۔ لومڑی نے کہا کہ بھیڑیئے کی آنکھ سے (سیکھا ہے)۔

حکایت (۱۴) حکایت بیان کی گئی ہے کہ ایک شیر بیمار ہو گیا تو تمام درندے اس کی عیادت کو آئے سوائے لومڑی کے۔ بھیڑیئے نے اس کی چغلی کی تو شیر نے بھیڑیئے سے کہا کہ جب لومڑی آئے تو مجھے بتا دینا۔ لومڑی کو اس کی خبر کر دی گئی (کہ بھیڑیئے نے اس کی چغلی کی ہے)، جب لومڑی عیادت کو آئی تو بھیڑیئے نے شیر کو خبر کر دی تو شیر نے کہا تو اب تک کہاں تھی۔ لومڑی نے جواب دیا کہ تمہاری دوا کی تلاش میں رہی۔ شیر نے کہا پھر کیا چیز تم کو ملی۔ لومڑی نے کہا بھیڑیئے کی پنڈلی کا مہرہ مناسب ہو گا اسے نکال لیا جائے۔ چنانچہ شیر نے بھیڑیئے کی پنڈلی میں اپنے پنجے مار دیئے اور لومڑی وہاں سے کھسک گئی۔ اس کے بعد لومڑی کے پاس سے بھیڑیا گذرا اس حالت میں کہ اس کا خون بہہ رہا تھا تو اس سے لومڑی نے کہا کہ اے سرخ موزے والے جب تم بادشاہ کے بیٹھا کرو تو اس بات پر غور کیا کرو جو تمہارے سر (منہ) سے نکلتی ہے

حکایت (۱۵) بیان کیا گیا ہے ایک قطا نے ایک کوّے سے کسی ایسے گڑھے کے بارے میں جھگڑا کیا جس میں پانی جمع رہتا تھا۔ دونوں میں سے ہر ایک نے اس کا دعویٰ کیا کہ وہ اس کی ملکیت ہے پھر وہ دونوں پرندوں کے قاضی کے پاس مقدمہ لے گئے۔ قاضی نے ان دونوں سے دلیل طلب کی اور ان میں سے کسی کے پاس کوئی دلیل نہیں تھی جسے پیش کرتے۔ قاضی نے قطا کے حق میں فیصلہ دیدیا تو جب قطا نے یہ دیکھا کہ گڑھے کا فیصلہ اس کے حق میں کر دیا حالانکہ گڑھا کوے کا تھا تو اس نے قاضی سے کہا کہ اے قاضی کس چیز نے آپ کو اس بات پر آمادہ کیا کہ آپ نے گڑھے کا فیصلہ میرے حق میں کر دیا جبکہ میرے پاس کوئی دلیل بھی نہیں تھی۔ اور کیونکہ آپ نے میرے دعوے کو کوے کے دعوے پر ترجیح دی۔ قاضی نے اس سے کہا کہ تمہارے بارے میں لوگوں میں سچائی مشہور ہے۔ یہاں تک کہ تمہاری سچائی کی مثال بیان کرتے ہیں اور کہتے ہیں .... کہ کس قدر سچا ہے قطا! تو اس نے قاضی سے

کہا جب یہ بات ہے جیساکہ آپ نے ذکر کیا تو خدا کی قسم گدھا کوے کا ہے اور میں ان لوگوں میں سے نہیں ہوں جن کے بارے میں اچھی عادت مشہور ہو اور اس عادت کے خلاف کرے۔ پھر قاضی نے دریافت کیا کہ کس چیز نے تمہیں اس باطل دعوے پر ابھارا تو اس نے کہا کہ غصہ کی تیزی نے کیونکہ کوا روک دیتا تھا مجھے گڑھے میں آنے سے۔ لیکن حق کی طرف لوٹنا باطل میں اصرار کرنے سے اچھا ہے۔ اس لئے کہ میرے لئے اس شہرت کا باقی رہنا ہزاروں گدھوں سے بہتر ہے۔

حکایت (١٦) بیان کیا گیا ہے کہ ایک بخیل کے پاس ایک مہمان نے آنے کی اجازت چاہی درانحالیکہ بخیل کے سامنے روٹی اور ایک شہد کا پیالہ رکھا ہوا تھا تو بخیل نے روٹی اٹھالی اور شہد بھی اٹھانے کا ارادہ کیا لیکن اسے خیال ہوا کہ اس کا مہمان تو روٹی کے بغیر شہد نہیں کھائے گا۔ بخیل نے (مہمان سے) کہا کیا تم شہد بغیر روٹی کے کھانا چاہتے ہو۔ مہمان نے کہا کہ ہاں! اور لگا چاٹنے یکے بعد دیگرے تو بخیل نے اس سے کہا کہ میرے بھائی بخدا شہد دل کو جلا دیتا ہے۔ مہمان نے جواب دیا کہ تو نے سچ کہا مگر تمہارے دل کو۔

حکایت (١٧) حکایت بیان کی گئی ہے کہ ایک دن حجاج تفریح کے لئے نکلا جب وہ تفریح سے فارغ ہوا تو اس کے ساتھی اس سے الگ ہو گئے اور وہ تنہا رہ گیا پس اچانک بجل (قبیلہ) کا ایک بوڑھا ملا تو حجاج نے اس سے پوچھا کہ بڑے میاں: آپ کہاں کے رہنے والے ہیں۔ اس نے کہا اسی گاؤں کا۔ حجاج نے کہا کہ تم لوگ اپنے حاکموں کو کیسا سمجھتے ہو اس نے جواب دیا انتہائی بدتر حاکم جو لوگوں پر ظلم کرتے ہیں اور ان کے مال کو حلال سمجھتے ہیں۔ حجاج نے کہا کہ تمہاری رائے حجاج کے بارے میں کیا ہے؟۔ اس نے کہا عراق میں اس سے بدتر حاکم نہیں بنایا گیا ہے۔ خدا اس کا برا کرے اور اس کا بھی جس نے اسے حاکم بنایا۔ حجاج نے پوچھا کہ جانتے ہو میں کون ہوں؟ اس نے کہا نہیں۔ تو حجاج نے کہا میں حجاج ہوں۔ تو بوڑھے نے کہا تم مجھے پہچانتے ہو میں کون ہوں؛ میں بنی عجل قبیلہ کا پاگل ہوں دن میں دو بار مرگی میں مبتلا ہوتا ہوں اس پر حجاج ہنس پڑا اور بوڑھے کے لئے اچھے انعام کا حکم دیا۔

حکایت (١٨) بیان کیا گیا ہے کہ ایک دفعہ تین بیوقوف ایک مینار سے گذرے تو ان میں سے ایک نے کہا کہ پہلے زمانے میں کتنے لمبے معمار ہوتے تھے کہ اس مینار کی چوٹی تک پہنچ گئے۔ دوسرے نے کہا اے بیوقوف ایسا نہیں ہے جیسا تم نے سمجھا بلکہ اس مینار کو انہوں نے زمین پر بنایا پھر سیدھا کھڑا کر دیا۔ تیسرا بیوقوف بولا کہ اے جاہلو: یہ کنواں تھا جو مینار سے بدل گیا۔

حکایت (١٩) کہا گیا ہے کہ ایک بڑھیا نے شیر کا چھوٹا بچہ پکڑا اور اسے بکری کے دودھ سے پالنے لگی بچہ جب بڑا ہو گیا تو بڑھیا کی بکری کو مار ڈالا۔ پھر بڑھیا یہ اشعار پڑھنے لگی۔

تو نے میری ننھی بکری کو مار ڈالا اور میرے دل کو تکلیف پہنچائی۔ جبکہ تو میری ہی بکری کا پرورش کیا ہوا بیٹا ہے۔ تجھے اس کے دودھ سے غذا دی گئی اور تو نے اس ہی غداری کی، تجھے کس نے بتایا کہ تیرا باپ بھیڑیا تھا۔

جب طبیعت (فطرت) ہی بری ہوتی ہے تو نہ ادب ہی فائدہ مند ہوتا ہے نہ ادب سکھانے والا۔

حکایت (۲۰) بیان کیا گیا ہے کہ ایک عقلمند کسریٰ کے دروازہ سے کسی ضرورت کے تحت ایک عرصہ تک لگا رہا۔ مگر بادشاہ اس کی طرف متوجہ نہ ہوا تو اس نے چار سطر ایک کاغذ پر لکھی اور دربان کے حوالے کر دی۔ پہلی سطر یہ کہ ضرورت اور امید مجھے تیرے پاس لے آئی۔ دوسری سطر یہ تھی کہ مفلس مانگنے سے صبر نہیں ہوتا ہے۔ تیسری سطر یہ تھی کہ کسی چیز کے بغیر لوٹ جانا دشمنوں کی ہنسی کا سبب ہے۔ اور چوتھی یہ تھی کہ یا تو آپ ہاں کہیں جو بار آور ہو یا نہیں کہدیں جو آرام دہ ہو۔ جب کسریٰ نے اس کو دیکھا تو اس کے لئے ہر سطر کے بدلے ایک ہزار دینار دینے کا حکم دیا۔

حکایت (۲۱) تاریخ کی بعض کتابوں میں یہ ذکر ہے کہ ایک دیہاتی جنگل کا رہنے والا تھا اسے گرمی کے موسم میں بخار لاحق ہوا تو وہ دوپہر کے وقت ریتیلی جگہ پر پہنچا اور سخت گرمی میں ننگا ہو گیا۔ اپنے بدن پر تیل ملا اور دھوپ میں کنکریوں پر لوٹنے لگا اور کہا کہ اے بخار! عنقریب جو تجھے پیش آنے والا ہے وہ پتہ چل جائے گا اور جس کو تو لاحق ہوا اس کا علم بھی ہو جائے گا۔ تم نے مالداروں اور امیروں کو چھوڑ دیا اور میرے پاس آ گئے۔ وہ دیہاتی برابر لوٹتا رہا یہاں تک کہ پسینہ آگیا اور اس کا بخار زائل ہو گیا۔ پھر وہ اٹھ گیا اور دوسرے دن کسی کہنے والے سے یہ سنا کہ کل سے حاکم کو بخار آگیا ہے تو اس دیہاتی نے کہا کہ بخدا اس بخار کو امیر کی طرف میں نے ہی بھیجا ہے۔ پھر وہ وہاں سے بھاگ نکلا۔

حکایت (۲۲) بیان کیا گیا ہے کہ ایک بہت زیادہ کھانے والا شخص کسی پادری کے گرجا گھر میں ٹھہرا تو اسے پادری نے چار روٹیاں پیش کیں اور چلا گیا تاکہ اس کے لئے دال لادے۔ چنانچہ وہ دال اٹھا کر لایا تو دیکھا کہ (مہمان) روٹیاں کھا چکا ہے پھر چلا گیا اور اسے روٹی لا کر دی اتنے میں وہ دال کھا چکا تھا۔ اسی طرح دس بار اس کے ساتھ کیا۔ بالآخر پادری نے پوچھا کہ تمہارا کہاں کا ارادہ ہے اس نے کہا کہ "شہرزوری" کا۔ پادری نے پوچھا کس لئے ارادہ ہے اس نے کہا مجھ تک یہ خبر پہنچی ہے وہاں ایک ماہر حکیم رہتا ہے اس سے اپنی دوا دریافت کروں گا جس سے میرا معدہ درست ہو جائے کیونکہ مجھے کھانے کی بہت کم خواہش ہوتی ہے تو راہب نے اس سے کہا کہ میری تم سے ایک گذارش ہے۔ اس نے پوچھا کیا کہا کہ جب تم جاؤ اور تمہارا معدہ درست ہو جائے تو دوبارہ میری طرف لوٹ کر نہ آنا۔

حکایت (۲۳) فارس کے ایک عقلمند نے کہا ہر چیز سے میں نے اس کی اچھائی لے لی ہے۔ اس سے پوچھا گیا تو نے کتے سے کیا لیا کہا کہ اس کا اپنے گھر والوں سے محبت کرنا اور اپنے مالک سے دفاع کرنا۔ پھر پوچھا گیا کہ تو نے کوے سے کیا لیا۔ اس نے کہا اس کا انتہائی چوکنا پن۔ پھر پوچھا گیا کہ تو نے سور سے کیا حاصل کیا۔ اس نے کہا اس کا اپنی ضرورت میں سویرے کرنا۔ پھر پوچھا تم نے بلی سے کیا حاصل کیا بولا اس کا طلب کے وقت خوشامد کرنا۔

حکایت (۲۴) بیان کیا گیا ہے کہ فارس کا کوئی بادشاہ بہت موٹا اور بھاری تھا۔ یہاں تک کہ وہ اپنی ذات سے کوئی فائدہ نہیں اٹھا سکتا تھا تو اس نے طبیبوں کو اکٹھا کیا تاکہ اس کا علاج کر سکیں۔ لیکن وہ اس کا جتنا علاج کرتے تھے اس کی چربی ہی بڑھتی جاتی تھی۔ پھر ایک ماہر طبیب بلایا گیا اس نے بادشاہ سے کہا اے بادشاہ میں آپ کا علاج کروں گا مگر مجھے تین دن کی مہلت دیجئے تاکہ میں غور کروں اور آپ کے ستارہ کو دیکھوں اور جو

دوا آپ کو موافق آئے گی۔ تو جب تین دن گذر گئے تب اس نے کہا اے بادشاہ میں نے آپ کا ستارہ دیکھا تو یہ بات نظر آئی کہ آپ کی عمر صرف چالیس دن رہ گئی۔ اگر آپ کو یقین نہ ہو تو مجھے اپنے پاس قید رکھیں تاکہ آپ بدلہ لے سکیں۔ چنانچہ اس کے قید کا حکم دیدیا گیا۔ اور بادشاہ موت کی تیاری کرنے لگا اور تمام کھیل کود ختم کر دیئے اور اسے رنج و غم لاحق ہوگیا اور کنارہ کش ہوگیا عوام سے۔ اور جتنے دن گذرتے گئے اسی کے غم میں اضافہ ہوتا گیا اور اس کی حالت خراب ہوتی گئی جب مذکورہ دن (چالیس دن) گذر گئے تو بادشاہ نے طبیب کو بلوایا اور اس سلسلہ میں بات کی تو طبیب نے کہا بادشاہ سلامت! میں نے ایسا آپ کی چربی کے ختم ہونے کا ایک بہانہ کیا تھا اور میں نے اس کے سوا آپ کے لئے کوئی دوا نہیں سمجھا۔ مگر یہی دوا آپ کے لئے مفید ہوگی، اسپر بادشاہ نے طبیب کو بہترین خلعت (انعام کے طور) دیا اور اسے بہت سارا مال دینے کا حکم دیا۔

حکایت (۲۵) روایت بیان کی جاتی ہے کہ ایک بادشاہ کے پاس شاہین (باز) تھا، بادشاہ اسے بہت چاہتا تھا۔ ایک دن وہ وہاں سے اڑ گیا اور ایک بڑھیا کے گھر جا بیٹھا۔ بڑھیا نے اسے پکڑ لیا تو جب بڑھیا نے دیکھا اس کی ٹیڑھی چونچ کو تو اس نے کہا یہ تو دانہ چگنے پر قادر نہ ہوگا اس لئے قینچی سے اسے کاٹ دیا اور پھر اس کے پنجوں کو دیکھا اور اس کی لمبائی کو تو اس نے دل میں کہا کہ میرا خیال ہے کہ یہ چل بھی نہیں سکتا ہوگا۔ لہٰذا انھیں بھی کاٹ دیا اور بڑھیا نے یہ فیصلہ شاہین کی شفقت میں کیا اور اسے نفع پہنچانے کے خیال سے اسے برباد کردیا ادھر بادشاہ نے انعامات مقرر کئے جو اس کی خبر لادیتا۔ لوگوں نے اسے بڑھیا کے پاس پایا تو بادشاہ کے پاس لے آئے۔ جب بادشاہ نے اس کی یہ حالت دیکھی تو کہا اسے باہر لے جاؤ اور یہ منادی کرادو یہ بدلہ ہے اس شخص کا جو اپنے آپ کو ایسی جگہ پیش کرے جہاں اس کی قدر معلوم نہ ہو۔

حکایت (۲۶) بیان کیا گیا ہے کہ ایک آدمی کسی دانشور کے پاس آیا اور اس سے اپنے دوست کی شکایت کی اور اس سے قطع تعلق کا ارادہ کرلیا اور اس سے انتقام لینے کا، عقلمند نے کہا کیا تم میری بات سمجھو لوگے تو میں بات کروں یا تمہارے لئے کافی ہے جو تمہیں سخت غصہ لاحق ہے جو میری بات سے باز رکھے گا۔ اس نے کہا یقیناً میں آپ کی بات محفوظ رکھوں گا۔ تو اس نے پوچھا آیا تمہاری اس کی محبت کی خوشی زیادہ رہی یا تمہارا غم اس کے گناہ پر اس نے کہا میری خوشی زیادہ رہی ہے۔ پھر پوچھا اس کی بھلائیاں زیادہ ہیں تمہارے نزدیک یا اس کی برائیاں؟ کہا کہ اس کی بھلائیاں زیادہ ہیں تو عقلمند نے کہا پھر تم اپنے اچھے زمانہ کے بدلے میں اس کو درگذر کردو اور اپنی خوشی کے عوض اسے بخشدو اور انتقام کی خصلت ختم کردو اس محبت کے بدلے جو تمہارے درمیان رہی ہے پچھلے دنوں اور شاید تم نہ پاسکو جس کی امید تم نے کر رکھی ہے چنانچہ غصہ کا ساتھ رہنا طویل ہوجائے گا اور معاملہ ایسی حالت پر لوٹے گا جو تم کو ناپسند ہو۔

حکایت (۲۷) ابوبکر بن خاضبہ نے بیان کیا ہے کہ وہ ایک رات بیٹھا حدیث کا کچھ حصہ لکھ رہا تھا جبکہ رات کا آدھا حصہ گذر چکا تھا۔ کہا کہ ان دنوں میں تنگدست تھا۔ اسی دوران ایک بڑا چوہا نکلا اور گھر میں دوڑنے لگا۔ تھوڑی دیر میں دوسرا چوہا نکلا اور دونوں میرے سامنے کھیلنے لگے اور اچھل کود کرنے لگے۔ یہاں تک کہ دونوں چراغ کی روشنی کے قریب آگئے اور ان میں سے ایک آگے

بڑھ آیا اور میرے سامنے ایک برتن (طشت) رکھا تھا تو میں نے اس کو چوہے کے اوپر اوندھا کر دیا۔ اس کا ساتھی آیا اور طشت کو سونگھا اور برتن کے اردگرد چکر لگانے لگا اور اپنے آپ کو اس پر مارنے لگا۔ اور میں خاموش دیکھتا رہا اور لکھنے میں مشغول رہا پھر وہ چوہا اپنے بل میں داخل ہوا اور تھوڑی دیر کے بعد باہر نکلا تو اس کے منہ میں ایک عمدہ دینار تھا اسے اس نے میرے سامنے چھوڑ دیا۔ میں نے اس کی طرف دیکھا اور خاموش رہا۔ اور لکھنے میں مشغول رہا۔ وہ چوہا میرے سامنے بیٹھا میری طرف دیکھتا رہا۔ پھر وہ دوبارہ بل میں گیا اور ایک مزید دینار لیکر آیا اور تھوڑی دیر بیٹھا رہا اور میں چپ چاپ دیکھتا رہا۔ اور لکھتا رہا۔ اسی طرح وہ چوہا آتا اور جاتا رہا۔ یہاں تک کہ چار پانچ دینار لیکے آگیا (راوی کہتا ہے کہ چار پانچ کا شک میری طرف سے ہے) اور کافی دیر تک بیٹھا رہا۔ ہر باری سے زیادہ دیر تک۔ پھر لوٹ گیا اور بل میں گھس گیا۔ اور اب نکلا تو اس کے منہ میں ایک چھوٹی تھیلی تھی جس میں دینار تھے۔ وہ ان دینار کے اوپر ڈالدی، تو مجھے یقین آگیا کہ اس کے پاس کچھ بھی باقی نہیں رہا چنانچہ میں نے طشت کو اٹھا دیا اور وہ دونوں کودتے ہوئے اپنے گھر میں جا گھسے۔ میں نے وہ دینار رکھ لئے اور اپنی ضرورت میں خرچ کئے۔

حکایت (۲۸) ایک شخص نے ایک مزدور کو اجرت پر حاصل کیا تاکہ اس کے صندوق کو لے جائے۔ جس میں شیشیاں (شیشے کے برتن) تھے۔ اس شرط پر کہ اس کو تین ایسی باتیں بتادیگا جن سے وہ نفع اٹھائے۔ پس جب وہ ایک تہائی راستہ پر پہنچا تو مزدور نے کہا پہلی بات تو بتاؤ۔ اس نے کہا جو تمہیں یہ کہے کہ بھوک بہتر ہے آسودگی سے تو اس کی بات کو سچ نہ ماننا۔ کہا ٹھیک ہے۔ پھر جب آدھا راستہ پہنچ گیا تو اس نے کہا دوسری بات بتاؤ جواب میں کہا کہ جو تمہیں یہ کہے کہ پیدل چلنا بہتر ہے سواری سے تو اس کی تصدیق مت کرنا۔ کہا اچھا اور جب گھر کے دروازہ کے پاس جا پہنچا تو پوچھا تیسری بات تو بتادو اس نے کہا اگر کوئی تم سے یہ کہے کہ اس نے تم سے زیادہ بیوقوف مزدور پالیا ہے تو تم اسے سچ نہ ماننا تو مزدور نے صندوق پھینکدیا۔ تمام شیشیاں ٹوٹ گئیں اور کہا کہ جو تمہیں یہ کہے کہ صندوق میں کوئی شیشی بچ گئی ہے تو کبھی تصدیق مت کرنا۔

حکایت (۲۹) ایک بادشاہ نے اپنے وزیر سے پوچھا کہ آیا ادب غالب ہوتا ہے طبیعت (فطرت) پر یا طبیعت غالب ہوتی ہے ادب پر وزیر نے کہا کہ طبیعت (فطرت) غالب ہوتی ہے اس لئے کہ وہ اصل ہے اور ادب فرع ہے اور ہر فرع (تابع) لوٹتا ہے اپنی اصل کی جانب پھر بادشاہ نے شراب (مشروب) منگوائی اور بلیوں کو حاضر کیا جن کے ہاتھوں پر شمعیں تھیں وہ اس کے گرد کھڑی ہوگئیں تو بادشاہ نے وزیر سے کہا اپنی غلطی ملاحظہ کرو۔ تمہارا قول ہے طبیعت غالب آتی ہے وزیر نے کہا مجھے رات بھر کی مہلت دیجئے بادشاہ نے کہا کہ میں نے تمہیں مہلت دی تو جب دوسری رات آئی تو وزیر نے اپنی آستین میں چوہا رکھا اور اس کے پاؤں میں ایک دھاگہ باندھ دیا اور بادشاہ کے پاس گیا۔ پس جب بلیاں سامنے آئیں جن کے ہاتھوں میں شمعیں تھیں تو وزیر نے اپنی آستین سے چوہا نکال دیا، جب بلیوں نے اسے دیکھا تو شمع کو پھینک کر اس کے پیچھے دوڑیں اور گھر جلنے کے قریب ہوگیا تو وزیر نے کہا بادشاہ سلامت دیکھ لیجئے کہ فطرت کیسے غالب آئی ہے ادب پر اور تابع اپنی اصل کی جانب لوٹ گیا۔ بادشاہ نے کہا تم نے سچ کہا، خدا کے لئے تیری خوبی ہے۔

حکایت (۳۰) ایک اندھا جانوروں کے تاجر کے پاس آیا اور کہا کہ میرے لئے ایسا گدھا تلاش کرو جو حقیر قسم کا چھوٹا نہ ہو اور مشہور ہونے والا بڑا ہو۔ اگر راستہ خالی ملے تو دوڑے اور اگر بھیڑ زیادہ ہو تو آہستہ چلے۔ نہ ٹکرائے وہ ستونوں سے اور نہ ہلاکت میں ڈالے مجھے۔ اگر میں اس کا چارہ کم کر دوں تو صبر کرے۔ اور اگر زیادہ دوں تو شکر ادا کرے۔ اگر میں اس پر سوار ہوں تو چلے اور اگر چھوڑ دوں تو سو رہے، تو اس سے تاجر نے کہا کہ صبر کرو اگر خدا نے قاضی کو گدھا بنا دیا تو تمہاری ضرورت پوری کر دوں گا۔

حکایت (۳۱) بیان کیا گیا ہے کہ ہدہد نے حضرت سلیمان علیہ السلام سے کہا میں چاہتا ہوں کہ آپ میری مہمانداری میں ہوں (یعنی آپ میری دعوت قبول کریں)، حضرت سلیمان ؑ نے فرمایا کہ میں اکیلا؟ ہدہد نے کہا کہ نہیں بلکہ آپ اور سارا لشکر فلاں جزیرہ میں اور فلاں دن۔ چنانچہ حضرت سلیمان ؑ اور ان کا لشکر اسی جگہ پر گیا اور ہدہد نے فضا میں پرواز کر کے ایک ٹڈی کا شکار کیا اور اس کو توڑ دیا اور دریا میں ڈال دیا اور کہا اے خدا کے نبی تناول فرمائیے اگر کسی کو گوشت نہ ملے تو شوربا ختم نہیں ہوگا، حضرت سلیمان اور لشکر ہنس پڑے۔ کسی شاعر نے اس کو اپنے شعر کے لئے لیا اور کہا:

۵ اور قناعت کرنے والے ہو جاؤ جیسا کہ مثل جاری ہے۔ کہ اگر گوشت ختم ہو جائے تو شوربا ہے۔

حکایت (۳۲) روایت میں کہا گیا ہے کہ ایک دن بہرام بادشاہ شکار کو نکلا پھر وہ اکیلا ہو گیا اور ایک شکار پر نظر پڑی تو اس کا پیچھا کیا اسے پا لینے کی امید پر یہاں تک کہ اپنے ساتھیوں سے الگ ہو گیا۔ اتنے میں ایک چرواہے کو دیکھا جو ایک درخت کے نیچے تھا وہ اپنے گھوڑے سے اترا پیشاب کرنے کے لئے اور چرواہے سے کہا کہ ذرا میری گھوڑی کی حفاظت کرنا۔ اتنی دیر کہ پیشاب کر لوں۔ چرواہے نے لگام (حاصل کرنے) کا ارادہ کیا جو کافی سونے سے آراستہ تھا، پھر اس نے بہرام کو ذرا غافل پایا۔ تو ایک چھری لی اور لگام کو گوشہ سے کاٹ لیا اتنے میں بہرام نے نظر اٹھائی اس کی طرف تو اسے حیا سی آئی اور زیادہ دیر تک بیٹھا رہا یہاں تک کہ اس شخص نے اپنا مقصد پورا کر لیا۔ پس بہرام کھڑا ہوا اور اپنے ہاتھ کو اپنی آنکھوں پر رکھ لیا اور چرواہے سے کہا کہ میرے گھوڑے کو میرے پاس لاؤ کیونکہ میری آنکھ میں مٹی پڑ گئی ہے تیز ہوا کی وجہ اور میں انہیں کھولنے پر قادر نہیں تو چرواہے نے گھوڑا سامنے کر دیا۔ بہرام بیٹھا اور چل پڑا یہاں تک کہ اپنے لشکر سے آ ملا اور اپنے سوار ساتھیوں سے کہا لگام کے کنارہ کے بارہ میں کہ میں نے اسے ہدیہ کر دیا، تم لوگ کسی کو تہمت نہ دینا۔

حکایت (۳۳) جاحظ نے کہا کہ مجھے کسی نے کبھی شرمندہ نہیں کیا سوائے ایک بڑھیا کے جو مجھے راستہ میں ٹکرائی اور مجھ سے کہا کہ مجھے تم سے ایک ضرورت ہے تو میں اس کے پیچھے چل پڑا اور وہ مجھے ایک سنار کے پاس لے گئی اور اس سے کہا " اس جیسا " اور وہاں سے چلی گئی۔ میں حیران کھڑا رہا اور سنار سے (اس بڑھیا کے رویہ کے بارے میں) دریافت کیا تو اس نے کہا اس بڑھیا نے یہ چاہا تھا کہ میں اس کے لئے شیطان کی تصویر بنا دوں تو میں نے اس سے کہا تھا کہ مجھے معلوم نہیں شیطان کی کیسی صورت ہوگی۔ چنانچہ وہ تمہیں لے آئی اور بتایا کہ اس جیسا، تو میں بہت شرمندہ ہوا۔

حکایت (۳۴) ایک دن شاعر ابودلامہ مہدی کے پاس آیا اور اسے سلام کیا پھر بیٹھ گیا اور اپنی آنکھیں رونے کے لئے لٹکالیں (یعنی رونا شروع کر دیا) اس سے مہدی بادشاہ نے پوچھا کہ تمہیں کیا ہوا ہے۔ اس نے کہا کہ ام دلامہ مرگئی ہے۔ بادشاہ نے کہا انا للہ وانا الیہ راجعون اور اسے ابودلامہ کو دیکھ کر رقت طاری ہوگئی اور کہا خدا تمہیں اجر دے اے ابودلامہ اور اسے ایک ہزار درہم دینے کا حکم دیا اور اس سے کہا کہ اپنی مصیبت میں اس سے کام چلاؤ۔ تو اس نے لئے اور دعا دی اور گھر لوٹ آیا۔ جب اپنے گھر میں داخل ہوا تو اپنی بیوی (ام دلامہ) سے کہا کہ تم جاؤ اور مہدی کی باندی سے اجازت طلب کرو اور جب اس کے پاس پہنچو تو رونے لگو اور کہو کہ ابودلامہ مرگیا ہے۔ چنانچہ وہ گئی اور خیزران سے اجازت لی۔ اسے داخل ہونے کی اجازت مل گئی۔ پھر جب مطمئن ہوگئی تو رونا شروع کر دیا اس نے پوچھا کہ تمہیں کیا ہوا ہے تو جواب دیا کہ ابودلامہ مرگیا ہے۔ اس نے کہا انا للہ وانا الیہ راجعون۔ خدا تمہیں اس کا بدلہ دے پھر وہ غمگین ہوگئی اور اسے دو ہزار درہم دینے کا حکم دیا۔ ام دلامہ نے اسے دعا دی اور گھر لوٹ آئی۔ کچھ ہی دیر ہوئی ہوگی کہ مہدی خیزران کے پاس آیا تو اس سے کہا کہ جناب عالی آپ کو معلوم نہیں کہ ابودلامہ فوت ہوگیا۔ مہدی نے کہا نہیں اس کی بیوی ام دلامہ مرگئی ہے۔ باندی نے کہا بخدا نہیں البتہ ابودلامہ مرا ہے۔ اس نے کہا کہ خدا کی پناہ ابھی تو میرے پاس سے گیا ہے۔ باندی نے کہا کہ ابھی ابھی میرے پاس سے ام دلامہ گئی ہے۔ اور اس کی تفصیل بتائی اور اس کے رونے کا واقعہ بھی۔ مہدی ہنسا اور ان دونوں کے حیلے پر بڑا تعجب کیا۔

حکایت (۳۵) بیان کیا گیا ہے کہ ابودلامہ شاعر ایک دن سفاح کے سامنے کھڑا تھا تو اس سے سفاح نے کہا اپنی حاجت طلب کرو۔ ابودلامہ نے کہا میں ایک شکاری کتا چاہتا ہوں اس نے کہا اسے دیدو پھر ابودلامہ نے کہا مجھے ایک چوپایہ (جانور) چاہیئے جس پر شکار کھیلوں۔ اس نے کہا کہ یہ بھی دیدو۔ پھر کہا کہ مجھے ایک غلام چاہیئے جو کتے کو لے جائے اور اس سے شکار کرے کہا کہ غلام بھی دیدو۔ پھر کہا کہ ایک باندی چاہیئے جو شکار کو پکائے اور ہمیں کھلائے کہا کہ اسے باندی بھی دیدو تو ابودلامہ نے کہا اے امیرالمومنین ان سب کیلئے ایک مکان چاہیئے جس میں رہیں گے تو کہا اسے مکان بھی دیدو جو سب کو کافی ہو جائے پھر اس نے کہا اگر زمین کا کچھ حصہ ان کو نہ ملے تو کیسے جئیں گے۔ کہا کہ میں نے تمہیں دس ٹکڑے زمین کے دیئے آباد میں سے اور دس ٹکڑے غیر آباد۔ تو اس نے کہا غامرہ (غیر آباد) کا کیا مطلب؟ کہا کہ جس میں کچھ اگتا نہ ہو تو اس نے کہا کہ اے امیرالمومنین تب تو میں آپ کو دے رہا ہوں بنی اسد کے کشادہ میدان میں سے سو ٹکڑے، تو سفاح اس پر ہنسا اور کہا کہ اسے سارا کا سارا (آباد) حصہ ہی دو۔

تمت بالخیر